Email- info@awamilalkaar.com

MEMBER WUOJ | عوام کی بے ساختہ للکار | ABC Certified

روزنامہ Daily Awami Lalkaar راولپنڈی

عوامی للکار

باقاعدہ تصدیق شدہ اشاعت | ایڈیٹر انچیف: محمد فیصل ندیم

جلد نمبر 17 | سوموار، 11 مئی 2026، 23 ذیقعدہ 1447 ھ، صفحات 4، قیمت 20 روپے | شمارہ نمبر 29

دشمن جان لے آئندہ مہم جوئی کے اثرات انتہائی خطرناک ہونگے

فیلڈ مارشل

صدر، وزیراعظم، وفاقی کابینہ، قومی وصوبائی سیاسی قیادت اور تمام سیاسی جماعتوں کا بھی شکریہ ادا کیا، جن کی سیاسی بصیرت اور رہنمائی سے پاکستان کو یہ کامیابی حاصل ہوئی

جی ایچ کیو راولپنڈی میں معرکہ حق کے عنوان سے پروقار تقریب میں ملک وقوم کے لیے جانوں کا نذرانہ پیش کرنے والے شہدا کو بھرپور خراج عقیدت پیش کیا گیا

راولپنڈی (اے ایف پی) چیف آف ڈیفنس فورسز فیلڈ مارشل عاصم منیر نے کہا ہے کہ مئی 2025 کی لڑائی کے بعد شکست خوردہ بھارت نے امریکی قیادت کے ذریعے ثالثی کی پیشکش کی تھی، بھارت ایک بار پھر دہشت گردی کا سہارا لے رہا ہے، ہر پاکستانی کے خون کا بدلہ لیں گے، دشمن جان لے آئندہ مہم جوئی کے اثرات محدود نہیں بلکہ انتہائی (بقیہ نمبر 2)

مدرڈے ماؤں کی غیر معمولی محبت کا دن ہے، مریم نواز

مدرڈے بیٹوں کو محاذ جنگ پر بھیجنے والی پرعزم اور حوصلہ مند ماؤں کے نام

لاہور (این این آئی) وزیراعلیٰ پنجاب مریم نواز شریف نے کہا ہے کہ مدرڈے ماؤں کی غیر معمولی محبت اور قربانیوں کو تسلیم کرنے کا دن ہے۔ ماؤں کے عالمی دن پر اپنے پیغام میں وزیراعلیٰ پنجاب مریم نواز نے کہا کہ مدرڈے بیٹوں کو محاذ جنگ پر بھیجنے والی پرعزم اور حوصلہ مند ماؤں کے (بقیہ نمبر 1)

محسن نقوی کی بنوں چوکی پر خودکش حملے کی پرزور مذمت

دہشتگردی کیخلاف جنگ میں خیبر پختونخوا پولیس فرنٹ لائن پر ہے، وزیر داخلہ

اسلام آباد (این این آئی) وفاقی وزیر داخلہ محسن نقوی نے بنوں میں فتح خیل چوکی پر خودکش حملے کی پرزور مذمت کرتے ہوئے کہا ہے کہ دہشتگردی کے خلاف جنگ میں خیبر پختونخوا پولیس فرنٹ لائن پر ہے۔ اپنے بیان میں وزیر داخلہ محسن نقوی نے جام شہادت نوش کرنے والے پولیس (بقیہ نمبر 3)

دنیا کی سپر پاور بھی پاکستان کی مشکور ہیں، رانا ثنا اللہ

بھارت شکست کے باوجود سازشوں میں مصروف، افغانستان سرزمین کو پاکستان میں دہشتگردی کیلئے استعمال کر رہا ہے

پاکستانی قوم اور سکیورٹی ادارے دشمن کے تمام عزائم ناکام بنانے کی مکمل صلاحیت رکھتے ہیں، مشیر وزیراعظم

لاہور (اے ایف پی) وزیراعظم کے مشیر برائے سیاسی امور و مسلم لیگ ن کے سینئر رہنما سینیٹر رانا ثنا اللہ نے کہا ہے کہ آج دنیا کی سپر پاور بھی پاکستان کے کردار اور قربانیوں کا اعتراف کرتے ہوئے اس کا شکریہ ادا کر رہی ہیں جبکہ بھارت شکست کے (بقیہ نمبر 6)

ایاز صادق کی معرکہ حق کے موقع پر قوم کو مبارکباد

افواج کو زبردست خراج تحسین، آپریشن بنیان مرصوص قومی دفاع، عسکری مہارت اور قومی یکجہتی کی درخشاں مثال

ایاز صادق نے فضائیہ کارکردگی کو سراہا، ظہیر احمد بابر سدھو، پاک فضائیہ کے افسران وجوانوں کو قوم کا فخر قرار دیا

اسلام آباد (این این آئی) سردار ایاز صادق نے یوم معرکہ حق کے موقع پر قوم کو مبارکباد دیتے ہوئے آپریشن بنیان مرصوص کی تکمیل کے ایک سال مکمل ہونے پر افواج پاکستان کو زبردست خراج تحسین پیش کیا۔ اپنے پیغام میں سردار ایاز صادق نے (بقیہ نمبر 5)

بنوں پولیس چوکی پر خودکش دھماکہ 15 اہلکار شہید

بنوں پولیس کے حوصلے بلند ہیں، دہشت گرد اپنے ناپاک عزائم میں کبھی کامیاب نہیں ہوں گے، ڈی آئی جی

یہ دہشت گردوں کی آخری بزدلانہ کارروائی ثابت ہوگی، بنوں پولیس دہشت گردوں کو چن چن کر انجام تک پہنچائے گی

پشاور (اے ایف پی) خیبر پختونخوا کے ضلع بنوں میں فتنہ الخوارج کے دہشت گردوں نے رات گئے پولیس چوکی فتح خیل پر بارود سے بھری گاڑی ٹکرا دی، جس کے نتیجے میں اب تک شہید اہلکاروں کی تعداد 15 ہوگئی۔ پولیس کے مطابق تین اہلکاروں (بقیہ نمبر 4)

اے سی کینٹ سعد الرحمٰن کی قیادت میں سول ڈیفنس آفیسر غلام مصطفیٰ، چیف وارڈن راجہ عامر اقبال، ایڈیشنل چیف وارڈن محمد زاہد کے ہمراہ سول ڈیفنس کے ایگزیکٹیو ممبران ورضاکاروں کی کثیر تعداد معرکہ حق ریلی میں شریک ہیں

وزیراعلیٰ پنجاب مریم نواز نے راولپنڈی معرکہ حق سکوائر کا افتتاح کر دیا

ترقیاتی کاموں کی برق رفتاری، سگنل فری راولپنڈی، 179 روز میں 5 انڈر پاس، دو اوور ہیڈ برج اور پیڈسٹرین برج کی تکمیل کا ریکارڈ، پاکستان کا پہلا منفرد پراجیکٹ

راولپنڈی کے گنجان ترین علاقے میں سگنل فری کوریڈور سے روزانہ دو لاکھ سے زائد گاڑیاں گزر سکیں گی، صوبائی وزیر مواصلات وتعمیرات ملک صہیب بھرتھ کی تفصیلی بریفنگ

راولپنڈی (نمائندہ عوامی للکار) سگنل فری راولپنڈی، 179 روز میں 5 انڈر پاس، دو اوور ہیڈ برج اور پیڈسٹرین برج کی تکمیل کا ریکارڈ قائم کر دیا گیا 190-دن کی بجائے 179 یوم میں مکمل ہونیوالا پاکستان کا پہلا منفرد پراجیکٹ ہے۔ وزیراعلیٰ پنجاب مریم نواز شریف نے راولپنڈی معرکہ حق سکوائر کا افتتاح کر دیا۔ راولپنڈی کچہری چوک تاریخی دن پر معرکہ حق سکوائر سے موسوم کر دیا گیا۔ معرکہ حق سکوائر پراجیکٹ کے سنگ میل کی نقاب کشائی کے بعد دعائے خیر کی گئی۔ وزیراعلیٰ پنجاب مریم نواز شریف نے سگنل فری کوریڈور کا دورہ کیا۔ وزیراعلیٰ مریم نواز شریف نے اوور ہیڈ برج اور دیگر روڈز کا معائنہ کیا۔ وزیراعلیٰ مریم نواز شریف نے ایکسی چوک تا جی پی او چوک (بقیہ نمبر 7)

لاہور کیمپ جیل کا قیدی دوران علاج سروسز ہسپتال میں چل بسا

لاہور (اے ایف پی) لاہور میں کیمپ جیل کا ایک قیدی سروسز ہسپتال میں دوران علاج انتقال کر گیا۔ پولیس کے مطابق قیدی محمد علی کو طبیعت ناساز ہونے پر علاج معالجے (بقیہ نمبر 8)

معرکہ حق، راولپنڈی میں شاندار ٹریبیوٹ کنسرٹ

بیرسٹر دانیال، ڈپٹی کمشنر حسن وقار چیمہ سمیت دیگر اہم شخصیات کی شرکت

راولپنڈی (عبدالرحمان سے) راولپنڈی میں معرکہ حق کی شاندار فتح کی پہلی سالگرہ کے موقع پر ضلعی انتظامیہ راولپنڈی کے زیر اہتمام راولپنڈی کرکٹ اسٹیڈیم میں ایک پروقار اور یادگار تقریب منعقد کی گئی جس میں شہریوں، نوجوانوں، سٹیلیز اور سیاسی وسماجی شخصیات کی بڑی (بقیہ نمبر 9)

معرکہ حق پاکستان نیوی ڈاکیارڈ میں پروقار تقریب

معرکہ حق جنگی فتح نہیں بلکہ ملک کی حرمت کے تقدس کی جنگ تھی، آئندہ خودمختاری کو چیلنج کرنے کی کوشش پر جواب شدید ہوگا

کوئی بھی طاقت پاکستانی افواج کا مقابلہ نہیں کر سکتی، پاکستان کی سلامتی اور آزادی پر کوئی سمجھوتہ نہیں ہوگا، وائس ایڈمرل

کراچی (اے ایف پی) معرکہ حق میں شاندار فتح کا ایک سال مکمل ہونے پر پاکستان نیوی ڈاکیارڈ کراچی میں پروقار تقریب کا انعقاد کیا گیا۔ وائس ایڈمرل محمد فیصل عباسی نے تقریب سے خطاب کرتے ہوئے کہا کہ معرکہ حق جنگی فتح نہیں بلکہ ملک کی حرمت کے تقدس کی جنگ تھی، آئندہ خودمختاری کو چیلنج کرنے کی کوشش پر جواب اس کی سوچ سے زیادہ شدید اور برق رفتار ہوگا، پاکستان کی سلامتی اور آزادی پر کوئی سمجھوتہ نہیں ہوگا۔ وائس ایڈمرل محمد فیصل عباسی نے کہا کہ پاکستانی عوام وطن کے دفاع کیلئے سیسہ پلائی دیوار بن جائی (بقیہ نمبر 14)

محسن نقوی کی بنگلہ دیشی وزیر مملکت خارجہ امور سے ملاقات

ملاقات میں دوطرفہ تعلقات، خطے کی صورتحال اور پاکستان کے مصالحتی کردار پر تفصیلی تبادلہ خیال کیا گیا

پاکستان میں سرمایہ کاری کے وسیع مواقع موجود ہیں، نقوی، وزیر خارجہ کے پاکستان کے دورے کے حوالے سے بھی گفتگو ہوئی

ڈھاکہ (اے ایف پی) وفاقی وزیر داخلہ و نارکوٹکس کنٹرول محسن نقوی نے بنگلہ دیش کی وزیر مملکت برائے خارجہ امور شرح عبید اسلام سے ملاقات کی۔ ملاقات میں دوطرفہ تعلقات، خطے کی صورتحال اور پاکستان کے مصالحتی کردار پر تفصیلی تبادلہ خیال کیا گیا۔ بنگلہ دیش کی وزیر مملکت برائے خارجہ نے ایران امریکہ تنازعہ کے حل کیلئے پاکستان کے مصالحتی کردار کو سراہا۔ اس موقع پر تجارت اور ثقافت کے شعبوں میں اشتراک بڑھانے پر اتفاق کیا گیا، تجارتی وثقافتی تعلقات کے فروغ کے لئے باہمی دفود کے زیادہ سے زیادہ تبادلوں پر اتفاق (بقیہ نمبر 10)

چوہدری شافع حسین اسپیشل اکنامک زون دورے کے موقع پر پاکستانی سفیر سے مصافحہ کرتے ہوئے

موٹروے گینگ ریپ کیس میں سزائے موت پانے والے مجرموں کی اپیلوں پر (آج) سماعت

لاہور (این این آئی) لاہور سیالکوٹ موٹروے گینگ ریپ کیس میں سزائے موت کے قیدیوں عابد ملہی اور شفقت بگا کی اپیلوں پر سماعت آج (پیر) کے روز (بقیہ نمبر 12)

سابقہ رنجش، فائرنگ سے شہری کو قتل کرنیوالا شخص گرفتار

زیر حراست شخص کو ٹھوس شواہد کے ساتھ چالان کر کے قرار واقعی سزا دلوائی جائے گی

راولپنڈی (نمائندہ عوامی للکار) پیرودھائی پولیس کا کارروائی، ایک ماہ قبل سابقہ رنجش پر فائرنگ کر کے شہری کو قتل کرنے والا شخص گرفتار۔ تفصیلات کے مطابق پیرودھائی پولیس نے کارروائی کرتے ہوئے ایک ماہ قبل سابقہ رنجش پر فائرنگ کر کے شہری کو قتل کرنے والے شخص کو گرفتار کر لیا، زیر حراست شخص نے فائرنگ کر کے شہری کو زخمی کر دیا تھا جو دوران علاج معالجہ دم توڑ گیا تھا، پیرودھائی پولیس نے ہیومن انٹیلی جنس سمیت تمام ذرائع بروئے کار (بقیہ نمبر 13)

جائیداد کے تنازعہ پر مسلح افراد نے فائرنگ کر کے نوجوان کو قتل کر دیا

سرگودھا (این این آئی) جائیداد کے تنازعہ پر مسلح افراد نے فائرنگ کر کے نوجوان کو قتل اور اس کے چچازاد کو شدید زخمی کر دیا اور فرار ہو گئے جس پر مقتول کی نعش اور زخمی کو ہسپتال منتقل کر کے پولیس شواہد اکٹھے کرتے ہوئے مصروف تفتیش ہے۔ ذرائع کے مطابق (بقیہ نمبر 15)

معرکہ حق کی عظیم کامیابی میں شاندار یوم تشکر تقریب

ملی نعروں اور پاکستانی ترانوں سے سماں بندھ گیا، فلک شگاف نعرے

راولپنڈی (حاجی ندیم سے) مری میں یوم تشکر کی تقریب میں پاک فوج اور پاکسان کی عظیم فتح کو جوش وخروش کے ساتھ منایا گیا۔ تقریب میں شہریوں، سیاحوں، نوجوانوں اور مختلف شعبہ ہائے زندگی سے تعلق رکھنے والے افراد کی بڑی تعداد نے شرکت کی۔ تقریب حب الوطنی، قومی یکجہتی اور پاک افواج سے والہانہ محبت کا مظہر بن گئی۔ تقریب کے دوران معروف گلوکاروں نے ملی نغمے پیش (بقیہ نمبر 16)

اویس اکیڈمی آف آرٹس اینڈ سائنس اقبال ٹاؤن کیمپس کے افتتاح کے بعد شرکاء آپریشن بنیان مرصوص کی کامیابی پر پاک فوج کو خراج تحسین پیش کرتے ہوئے

تھانہ تھی، 15 سالہ لڑکے سے زیادتی اور بلیک میلنگ

پولیس چوکی قاضیاں کی حدود میں کمسن حسام سے زیادتی کی ویڈیو وائرل

گوجرخان (قمر شہزاد) پولیس چوکی قاضیاں کے نواح تھانہ تھی کے نواحی علاقے میں کمسن بچے کے ساتھ انسانیت سوز سلوک، زیادتی اور ویڈیو وائرل کرنے کا واقعہ منظر عام پر آیا ہے۔ پولیس نے متاثرہ بچے کے والد کی مدعیت میں ملزمان کیخلاف ایف آئی آر درج کر کے تفتیش شروع کر دی ہے۔ تفصیلات کے مطابق تھانہ تھی کے رہائشی ذوالقرنین احمد نے پولیس چوکی قاضیاں میں تحریری (بقیہ نمبر 11)

پاکستان کی اصل طاقت عوام وافواج کا مضبوط رشتہ ہے

ٹریفک پولیس مری، فاطمہ جناح کیڈٹ کالج کے اشتراک سے معرکہ حق کی تقریب

راولپنڈی (نمائندہ عوامی للکار) سٹی ٹریفک پولیس مری اور فاطمہ جناح گرلز کیڈٹ کالج کے اشتراک سے معرکہ حق میں عظیم کامیابی پر یوم تشکر کی پروقار تقریبات کا انعقاد کیا گیا۔ اس سلسلے میں جی پی او چوک مری میں ایک شاندار تقریب منعقد ہوئی جس میں طلبہ، شہریوں، ٹریفک پولیس اہلکاروں اور مختلف شعبہ ہائے زندگی سے تعلق رکھنے والے افراد نے بھرپور شرکت کی۔ تقریب کے دوران فضا پاکستان زندہ باد، پاک فوج پائندہ باد اور قومی (بقیہ نمبر 19)

شہریوں کو تشدد وقتل کی دھمکیاں دینے والا شخص گرفتار

زیر حراست شخص کو ٹھوس شواہد کے ساتھ چالان کر کے قرار واقعی سزا دلوائی جائے گی

راولپنڈی (نمائندہ عوامی للکار) نیوٹاؤن پولیس کا کارروائی، معمولی تلخ کلامی پر ساتھیوں کے ہمراہ شہریوں پر تشدد اور جان سے مارنے کی دھمکیاں دینے والا شخص گرفتار۔ تفصیلات کے مطابق نیوٹاؤن پولیس نے کارروائی کرتے ہوئے معمولی تلخ کلامی پر ساتھیوں کے ہمراہ شہریوں پر تشدد اور جان سے مارنے کی دھمکیاں دینے والے شخص کو گرفتار کر لیا، متن مقدمہ کے مطابق زیر حراست شخص نے ساتھیوں کے ہمراہ فائرنگ کی اور تشدد کا نشانہ (بقیہ نمبر 20)

چوہدری شافع حسین، آئی بی آئی گروپ کی ڈائریکٹر میڈم لیوٹا پاکستانی سفیر خلیل ہاشمی ودیگر سپیشل اکنامک زون مصطفیٰ آباد پانڈو کی ویلج کا دورہ کر رہے ہیں

پنجاب میں چینی سرمایہ کاری کے نئے دور کا آغاز، شافع حسین

آئی بی آئی اور چیلنج گروپ کے درمیان اہم معاہدہ طے پا گیا کہ سرمایہ کاری کا فروغ وزیراعلیٰ مریم نواز شریف کا ویژن ہے

وزیراعلیٰ پنجاب کی ہدایت پر سرمایہ کاروں کو بہترین سہولیات دی جا رہی ہیں، صوبائی وزیر چوہدری شافع حسین

قصور (این ای این) صوبائی وزیر صنعت و تجارت چوہدری شافع حسین نے قصور میں چین کے چیلنج ایبرل گروپ کے زیر اہتمام قائم سپیشل اکنامک زون مصطفیٰ آباد پانڈو کی ویلج کا دورہ کیا۔ اس موقع پر پنجاب میں سرمایہ کاری اور باہمی تعاون کے حوالے سے چین کے آئی بی آئی گروپ اور چیلنج گروپ کے (بقیہ نمبر 18)

معرکہ حق قوم کی تاریخ میں اہم سنگ میل بن گیا، کھوکھر

شاندار کامیابی سے بھارت کی خطے کا تھانیدار بننے کی دہائیوں کی خواہش چکنا چور ہوگئی

لاہور (این این آئی) پاکستان مسلم لیگ (ن) لاہور کے صدر سیف الملوک کھوکھر نے معرکہ حق میں شاندار فتح کی پہلی سالگرہ پر پاکستانی قوم کو مبارکباد پیش کرتے ہوئے کہا ہے کہ یوم معرکہ حق اس بات کی تجدید ہے کہ قومی سلامتی کے تحفظ کیلئے دشمن کو (بقیہ نمبر 17)

سرمایہ کاری کے فروغ کیلئے سپیشل اکنامک زون کا دورہ

وارث خان پولیس کی کارروائی، زیر حراست فرد سے برآمد ہونیوالی شراب نمایاں ہے

اویس آرٹس اینڈ سائنس اکیڈمی کے نئے کیمپس کا افتتاح

کیمپس کی افتتاحی تقریب نہایت جوش وخروش سے منعقد ہوئی، جس میں سیاسی، سماجی اور تعلیمی شخصیات نے شرکت کی

اختتام پر انتظامیہ کا مہمانوں، والدین، اساتذہ اور شرکا کا شکریہ ادا کرتے ہوئے معیاری تعلیم کے فروغ کے عزم کا اعادہ

لاہور (نمائندہ عوامی للکار) اویس اکیڈمی آف آرٹس اینڈ سائنس (AAAS) کے اقبال ٹاؤن کیمپس کی افتتاحی تقریب نہایت جوش و خروش سے منعقد ہوئی، جس میں سیاسی، سماجی اور تعلیمی شخصیات نے شرکت کی۔ تقریب میں AAAS گروپ آف انسٹی ٹیوشنز کے ڈائریکٹرز محمد نوید بٹ، محمد (بقیہ نمبر 21)

پاکستان ترقی کی جانب بڑھ رہا ہے، مشیر خزانہ خرم شہزاد

رواں مالی سال، کارپوریٹ منافع، صنعتی پیداوار، برآمدات میں نمایاں اضافہ ریکارڈ

لاہور (این این آئی) وزیر خزانہ کے مشیر خرم شہزاد نے کہا ہے کہ پاکستان کی معیشت بتدریج استحکام سے نکل کر ترقی اور سرمایہ کاری کے نئے مرحلے میں داخل ہو رہی ہے جبکہ مختلف معاشی اشاریے مثبت سمت کی نشاندہی کر رہے ہیں۔ اپنے بیان میں انہوں نے (بقیہ نمبر 22)

ایک لیٹر کے نام پر فراڈ، کوکنگ آئل کمپنیوں کی مبینہ نمبری بے نقاب

مہنگائی کے مارے عوام پر نیا وار، آئل پیکٹ پورا نہ نکلا تو شہری بھڑک اٹھے، راولپنڈی میں خاموش لوٹ مار؟

ایک لیٹر کے نام پر 20 ایم ایل تک کم آئل دینے کا انکشاف، عوامی حلقوں کی جانب تشویش کا اظہار، فوری نوٹس لینے کا مطالبہ

راولپنڈی (عبدالرحمان سے) راولپنڈی میں بعض کوکنگ آئل کمپنیوں کی جانب سے مبینہ طور پر عوام کیساتھ دھوکہ دہی کیے جانے کا انکشاف سامنے آیا ہے، جہاں مختلف برانڈز کے ایک لیٹر درج پیکٹوں میں مکمل مقدار کے بجائے 10 سے 20 ایم ایل تک آئل کم ہونیکی شکایات سامنے آنے لگی ہیں۔ شہریوں کے مطابق یہ خاموش لوٹ مار نہ صرف (بقیہ نمبر 28)

راولپنڈی پولیس کی کارروائیاں، 5 افراد گرفتار، اسلحہ برآمد

منشیات اور ناجائز اسلحہ رکھنے والے افراد قانون کی گرفت سے نہیں بچ سکتے

راولپنڈی (نمائندہ عوامی للکار) راولپنڈی پولیس کی کارروائیاں، 05 افراد کو حراست میں لے کر چرس، شراب اور اسلحہ معہ ایمونیشن برآمد کر لیا۔ تفصیلات کے مطابق راولپنڈی پولیس نے کارروائیاں کرتے ہوئے 05 افراد کو حراست میں لے کر 1 کلو 690 گرام چرس، 22 لیٹر شراب اور اسلحہ معہ ایمونیشن برآمد کر لیا، زیر حراست افراد کے خلاف (بقیہ نمبر 25)

مریم نواز، 7 کروڑ واپسی درخواست، سماعت آج ہوگی

چیف جسٹس مس عالیہ نیلم کی سربراہی میں 3 رکنی بنچ درخواست پر سماعت کریگا

لاہور (این این آئی) لاہور ہائیکورٹ میں وزیراعلیٰ پنجاب مریم نواز کی جانب سے جمع کرائے گئے 7 کروڑ روپے واپس لینے کی درخواست پر سماعت آج (پیر) کے روز ہوگی۔ چیف جسٹس لاہور ہائیکورٹ جسٹس مس عالیہ نیلم کی سربراہی میں 3 رکنی بنچ درخواست پر سماعت کریگا۔ عدالت نے قومی احتساب بیورو سے بیان حلفی طلب کر رکھا ہے (بقیہ نمبر 29)

بھارت کا من گھڑت بیانیہ اپنی موت آپ مر چکا، وفاقی وزیر

شاہینوں نے دشمن کے گھر میں گھس کر جو دھاک بٹھائی پوری دنیا اس کی معترف ہے، عبدالعلیم خان

معرکہ حق بنیان مرصوص کا ایک سال مکمل ہونے پر وفاقی وزیر عبدالعلیم خان کا مسلح افواج کو خراج تحسین

لاہور (این این آئی) معرکہ حق بنیان مرصوص کا ایک سال مکمل ہونے پر وفاقی وزیر عبدالعلیم خان نے فیلڈ مارشل حافظ سید عاصم منیر اور فورسز کی قیادت کو خراج تحسین پیش کیا ہے۔ معرکہ حق بنیان مرصوص کا ایک سال مکمل ہونے پر وفاقی وزیر اور صدر آئی پی پی عبدالعلیم خان نے اپنے پیغام میں کہا کہ 10 مئی پاکستانی عسکری تاریخ کا یادگار دن (بقیہ نمبر 24)

سی پی او کے حکم پر گرجا گھروں کی سیکیورٹی کے اقدامات

گرجا گھروں میں مکمل باڈی سرچنگ کے بعد داخلے کو یقینی بنایا جا رہا ہے

راولپنڈی (نمائندہ عوامی للکار) سی پی او سید خالد محمود ہمدانی کی ہدایات کے مطابق گرجا گھروں کی سیکورٹی کے لیے راولپنڈی پولیس کے موثر سیکورٹی انتظامات، سنئیر افسران فیلڈ میں موجود رہ کر سیکورٹی انتظامات کی نگرانی کر رہے ہیں، گرجا گھروں میں مکمل باڈی سرچنگ کے بعد داخلے کو یقینی بنایا جا رہا ہے، اقلیتوں کے حقوق کے تحفظ اور امن وامان کو یقینی بنانے (بقیہ نمبر 23)

محسن نقوی کا ماں کی محبت، قربانی اور عظمت کو سلام

سلام ان ماؤں کو جنہوں نے معرکہ حق کے لیے شیر دل بیٹے پیدا کیے، محسن نقوی

اسلام آباد (این این آئی) وفاقی وزیر داخلہ محسن نقوی نے ماں کی بے مثال محبت، قربانی اور عظمت کو سلام پیش کیا ہے، وزیر داخلہ محسن نقوی نے کہا ہے کہ ماں وہ عظیم ہستی ہے جو اولاد کے لیے ہر دکھ، ہر تکلیف اور ہر آزمائش کو خاموشی سے برداشت کر کے خوشیاں بانٹتی ہے، ماں کی گود ہر بچے کی پہلی درسگاہ ہے جہاں سے محبت، اخلاق، صبر اور انسانیت کے بنیادی اصولوں کی تربیت کا آغاز ہوتا ہے۔ اپنے بیان میں انہوں نے کہا کہ مدرز ڈے پر (بقیہ نمبر 26)

معرکہ حق، کوریج سے پاکستانی میڈیا کی عالمی ساکھ میں اضافہ

درستگی اور اعتماد کو برقرار رکھنے کیلئے مکمل تصدیق کے بغیر کوئی خبر جاری نہیں کی گئی

اسلام آباد (این این آئی) وفاقی سیکرٹری اطلاعات ونشریات اشفاق احمد خلیل نے معرکہ حق کی فتح پر قوم کو مبارکباد اور پاکستانی میڈیا کی متوازن کوریج کی تعریف کرتے ہوئے کہا ہے کہ معرکہ حق آئندہ نسلوں کیلئے ایک دیرپا روشنی فراہم کرتا ہے، فتح ہمت اور عزم سے حاصل ہوتی ہے۔ اتوار کو معرکہ حق کی پہلی سالگرہ کے موقع پر ریڈیو پاکستان کے ایک خصوصی پوڈ کاسٹ کے دوران وفاقی سیکرٹری اطلاعات نے مسلح افواج اور قومی قیادت کو سراہتے (بقیہ نمبر 27)

سی پی او سید خالد ہمدانی کی ہدایت پر گرجا گھروں کی سیکورٹی کیلئے پولیس افسران الرٹ کھڑے ہیں

صوبائی مشیر رمیش سنگھ، مولانا عبدالخبیر آزاد ودیگر کے ہمراہ معرکہ حق استحکام پاکستان کانفرنس میں پاک فوج سے اظہار یکجہتی کر رہے ہیں

روزنامہ عوامی للکار راولپنڈی Daily Awami Lalkaar
عوام کی بے ساختہ للکار
باقاعدہ تصدیق شدہ اشاعت ایڈیٹر محمد فیصل ندیم

ایڈیٹوریل پیج

ایڈیٹوریل ایڈیٹر روبینہ فیصل

معرکہ حق کا سال!

معرکہ حق بنیان مرصوص کی فتح کا پہلا سال پاکستانی قوم کو مبارک ہو۔اس عزت کیلئے رب ذوالجلال کا جتنا بھی شکر ادا کیا جائے کم ہے۔ یہ سال قومی تاریخ میں عزم اتحاد قومی غیرت اور ملی جذبے کی روشن مثال بنا۔اس سال اللہ تعالی کے فضل وکرم سے پاکستان نے ملکی سرحدوں کے مثالی دفاع سے لے کر عالمی سفارتی عروج تک بہت سے شعبوں میں نمایاں منزلت حاصل کی۔معرکہ حق کی سب سے بڑی کامیابی قومی اتحاد کا فروغ ہے۔اس قومی معرکے کی بدولت بلاتفریق پوری قوم ایک پلیٹ فارم پر جمع ہوئی اور قومی مفادات کے ساتھ مکمل یکجہتی کا اظہار کیا۔یہی اتحاد پاکستان کی اصل طاقت ہے جو ہر مشکل وقت میں قوم کو مضبوط بناتا ہے۔معرکہ حق نے پاکستان کی نوجوان نسل میں حب الوطنی کے جذبے کو جوتابانی بخشی وہ خاص طور پر قابلِ ذکر ہے۔پاکستان کی نوجوان نسل بھارتی ابلاغی اور ثقافتی حملوں کا بڑا ہدف رہی ہے اور اس کے اثرات ڈھکے چھپے نہیں تھے تاہم معرکہ حق کی فتح نے ہماری نوجوان نسل کو اپنی قومی صلاحیتوں کا درست ادراک فراہم کر کے انہیں جوفکری توانائی فراہم کی ہے اس کا نتیجہ یہ ہے کہ آج سائبر سپیس میں پاکستانی نوجوان پہلے سے کہیں زیادہ اعتماد کے ساتھ اپنا مافی الضمیر پیش کر رہے ہیں۔عالمی اور علاقائی سطح پر بھی پاکستان کو اس فتح عظیم سے بے پناہ ثمرات حاصل ہوئے۔دنیا نے پاکستان کی طاقت اور اہمیت کو اس حقیقت کے آئینے میں ملاحظہ کیا ہے جو معرکہ حق کی صورت میں پاکستان کی باصلاحیت اور جرات مند مسلح افواج کی جوانمردی سے تشکیل دیا گیا ہے۔عالمی سیاست میں ایک ناگزیر مڈل پاور کے طور پر ابھرتا ہوا پاکستان معاصر تاریخ کی ایک مستند سچائی ہے۔امریکہ اور ایران کے مابین ثالثی میں پاکستان کے کلیدی کردار نے اس حیثیت کو مزید واضح کر دیا ہے۔اپنے قومی مفادات مسئلہ کشمیر اور مسلم امہ کے مسائل کے حوالے سے بھی بین الاقوامی سطح پر پاکستان کا موقف اب پہلے سے زیادہ موثر ہے اور دنیا اسے نظر انداز نہیں کر سکتی۔پاکستان نے ہمیشہ امن استحکام اور خطے میں بہتر تعلقات کی بات کی ہے مگر ساتھ ہی یہ واضح کیا ہے کہ قومی سلامتی اور خودمختاری پر کسی قسم کا سمجھوتہ نہیں کیا جا سکتا۔یہی اصولی موقف پاکستان کی طاقت اور وقار کی علامت ہے۔معرکہ حق کا ایک سال مکمل ہونے پر پوری قوم کو اس عزم کا اعادہ کرنا چاہیے کہ پاکستان کی سلامتی ترقی اور استحکام کیلئے پہلے سے زیادہ پرعزم جدوجہد کی ضرورت ہے۔اس معرکے کی قوت اور اعتماد کو اپنی طاقت بنا کر قومی جذبے کے ساتھ ترقی کا سفر جاری رکھیں تو منزل دور نہیں۔ہمیں ذاتی اور سیاسی اختلافات اور مفادات سے بالاتر ہو کر قومی یکجہتی استحکام اور ترقی کے لیے کام کرنے کی ضرورت ہے کیونکہ اتحاد نظم وضبط اور قومی مفاد کے جذبے ہی سے قومیں مضبوط بنتی اور ترقی کرتی ہیں۔اگر ہم معرکہ حق کے جذبے کے ساتھ متحد رہے تو کوئی طاقت کو ترقی اور کامیابی کی راہ پر آگے بڑھنے سے نہیں روک سکتی۔معرکہ حق صرف ایک واقعہ نہیں بلکہ ایک ایسا قومی سفر ہے جو ہمیں یہ سبق دیتا ہے کہ قوم متحد ہو تو ہر چیلنج کا مقابلہ کامیابی سے کیا جا سکتا ہے۔یہی اتحاد حوصلہ اور عزم پاکستان کے روشن مستقبل کی ضمانت ہے۔سیاسی قیادت کو بھی چاہیے کہ سماج میں ان صفات کے عملی ثبوت مہیا کریں۔مفادات کی سیاست کے بجائے قومی عزم کے ساتھ نسبت کو نمایاں کریں اور پاکستان کی ترقی کے سفر میں مل کر چلنے پر اتفاق کریں۔پاکستان کو قدرت نے بے پناہ وسائل اور امکانات سے نوازا ہے ضرورت اس امر کی ہے کہ ان سے استفادہ کیا جائے۔اس کے لیے جن حالات کی ضرورت تھی وہ موجود ہیں قوم میں عزم اور جذبہ مثالی ہے۔یعنی لوہا گرم ہے اور اسے قومی ترقی کی صورت میں ڈھالنا مشکل نہیں ہونا چاہیے۔

پٹرولیم لیوی کا بوجھ

حکومت نے پٹرولیم مصنوعات کی قیمتوں میں تقریباً 15 روپے فی لٹر اضافہ کر کے عوام پر مہنگائی کا ایک نیا بم گرا دیا ہے۔اس اضافے کے بعد پٹرول اور ڈیزل کی قیمت تقریباً 415 روپے فی لٹر تک جا پہنچی ہے۔اہم بات یہ ہے کہ حالیہ اضافے کی وجہ عالمی منڈی میں خام تیل کی قیمتوں میں اضافہ نہیں بلکہ حکومت کی جانب سے پٹرولیم لیوی کی مد میں زیادہ سے زیادہ ریونیو اکٹھا کرنے کی خواہش ہے۔یعنی پٹرولیم مصنوعات حکومت کیلئے ٹیکس اکٹھا کرنے کا آسان ذریعہ بن چکی ہیں۔اس وقت حکومت پٹرول پر 117 روپے لیوی سمیت مجموعی طور پر تقریباً 145 روپے فی لٹر ٹیکس وصول کرتی ہے جبکہ ڈیزل پر 70 روپے فی لٹر ٹیکس عائد ہیں۔حکومت رواں مالی سال کے پہلے دس ماہ کے دوران عوام سے تقریباً 1330 ارب روپے پٹرولیم لیوی کی مد میں وصول کر چکی ہے۔یہ اعداد وشمار اس حقیقت کا ثبوت ہیں کہ پٹرولیم مصنوعات کی قیمتوں کا تعلق عالمی منڈی سے کم اور حکومت کی مالیاتی کمزوریوں سے زیادہ ہو چکا ہے۔یہی وجہ ہے خطے کے دیگر ممالک کے مقابلے میں پاکستانی حکومت نے پٹرول اور ڈیزل کی قیمتوں میں بہت زیادہ اضافہ کیا ہے۔پٹرولیم قیمتوں کے حوالے سے یہ طرز عمل انتہائی حیران کن ہے۔جب عالمی منڈی میں تیل مہنگا ہوتا ہے تو ایک لمحہ ضائع کیے بغیر اس کا پورا بوجھ عوام پر منتقل کر دیا جاتا ہے اور جب عالمی قیمتیں کم ہوتی یا مستحکم رہتی ہیں تو عوام کو ریلیف دینے کے بجائے پٹرولیم لیوی بڑھا دی جاتی ہے۔یوں ناقص ٹیکس نظام اور حکومتی مالیاتی ناکامیوں کا بوجھ عوام مہنگے پٹرول اور ڈیزل کی صورت میں برداشت کرتے ہیں۔ملک میں ٹیکس وصولی کا شفاف نظام آج بھی ایک سوالیہ نشان ہے۔متعدد ایسے شعبے ہیں جو ٹیکس سے مکمل یا جزوی طور پر آزاد ہیں اور انہیں کوئی پوچھنے والا نہیں مگر ڈیزل پٹرول دودھ اور دیگر ضروریات زندگی پر بلاخیز ٹیکس لاگو کیا ہوا ہے۔پٹرول اور ڈیزل کی قیمتوں میں اضافہ پورے معاشی نظام کو متاثر کرتا ہے۔اس سے ٹرانسپورٹ مہنگی ہوتی ہے اشیائے خورونوش کی قیمتیں بڑھتی ہیں صنعتی لاگت میں اضافہ ہوتا ہے جس سے مہنگائی کا ایک نیا طوفان جنم لیتا ہے۔حیرت کی بات یہ ہے کہ ایسے فیصلے کرتے وقت عوامی مشکلات قوت خرید اور غربت میں اضافے کا کوئی خیال نہیں کیا جاتا۔اصل مسئلہ یہ ہے کہ حکومت سنجیدہ معاشی اصلاحات سے مسلسل فرار اختیار کر رہی ہے۔ٹیکس چوری روکنے بڑے تاجروں اور بااثر طبقات کو ٹیکس نیٹ میں لانے غیر رسمی معیشت کو دستاویزی بنانے اور سرکاری اخراجات کم کرنے جیسے اقدامات پر توجہ دینے کے بجائے ہر بار پٹرولیم لیوی بڑھانے کا آسان راستہ اختیار کیا جاتا ہے۔یہ پالیسی نہ صرف غیر منصفانہ بلکہ معاشی طور پر بھی تباہ کن ہے۔حکومت کو ایران امریکہ کشیدگی یا عالمی توانائی بحران جیسے حالات کو ریونیو بڑھانے کا سنہری موقع سمجھنے کے بجائے عوامی ریلیف کو ترجیح دینی چاہیے۔ضروری ہے کہ حکومت اپنی پالیسیوں پر سنجیدگی سے نظر ثانی کرے۔عوام اب مزید مہنگائی اور ٹیکسوں کا بوجھ اٹھانے کی سکت نہیں رکھتے۔

اور.....!

کچھ نہ پوچھو، امن کے دوران بھی
کیا ہمارا حال تھا مہنگائی میں
جنگ کی آفت سروں پر آئی تو
اور اضافہ ہوگیا مہنگائی میں

انور شعور

ایک دوسرے کی طاقت

پورے پاکستان بلکہ پوری دنیا میں جہاں جہاں پاکستانی بستے ہیں معرکہ حق کی "سالگرہ منائی جا رہی ہے۔ایک سال پہلے مئی کے اسی مہینے کے انہی دنوں میں بھارت پاکستان پر حملہ آور ہوا تھا یا یہ کہیے کہ پہلگام میں دہشت گردی کی ایک واردات کو "جواز بنا کر اس نے اس حماقت کا ارتکاب کر ڈالا تھا۔پاکستان پر الزام لگایا گیا الزام لگانے والا خود ہی منصف بن گیا فیصلہ صادر کر دیا کہ یہ سب کیا دھرا پاکستان کا ہے۔اسی نے دہشت گرد مقبوضہ کشمیر میں بھجوائے ہیں اور کنٹرول لائن سے تین سو کلومیٹر اندر گھس کر خون کا دریا بہا دیا ہے۔پاکستان نے بار بار کہا ایک نہیں ہزار بار کہا کہ ہمارا اس واردات سے کوئی تعلق نہیں ہے۔ہم نے ایسے کسی دہشت گرد کو نہیں پالا پوسا جو لاکھوں بھارتی سپاہیوں کو چیرتا ہوا پہلگام پہنچے اور خونی کھیل کھیلے۔پاکستان کے وزیراعظم شہباز شریف نے اس الزام کی بین الاقوامی تحقیقات کا مطالبہ کیا۔ان کا کہنا تھا کہ کسی بھی غیر جانبدار بین الاقوامی فورم کو یہ معاملہ سونپ دیا جائے۔بھارت ثبوت پیش کرے اور ثابت کرے کہ اس کے پیچھے ہمارا ہاتھ ہے تو ہم ہر سزا بھگتنے کو تیار ہوں گے۔لیکن بھارتی نیتاؤں نے اس مطالبے پر کان دھرنے کے بجائے اس کی تائید کرنے کے بجائے اپنی رٹ جاری رکھی الزام لگاتے اور دھمکیاں دیتے چلے گئے۔اس سے اس شبے نے تقویت پکڑ لی کہ یہ سب ان ہی کا کیا دھرا ہے۔اس "فالس فلیگ آپریشن کے پیچھے ان ہی کے اپنے خفیہ کارندے ہیں۔انہوں نے پاکستان پر حملہ کرنے کا جواز تراشنے کے لیے یہ کارروائی ڈالی ہے۔ان دنوں امریکہ کے نائب صدر جے ڈی وینس اپنی بھارت نژاد اہلیہ کے ساتھ نئی دہلی میں براجمان تھے جبکہ نریندر مودی سعودی عرب میں سواگت کے مزے لوٹ رہے تھے۔وہ واپس آئے تو سیدھا مقبوضہ کشمیر جانے کے بجائے صوبائی انتخابی مہم میں شریک ہونے پہنچ گئے ووٹروں کو ورغلانے اور اشتعال دلانے لگے۔پاکستان کا بیانیہ دنیا بھر میں گونج رہا تھا۔بین الاقوامی تحقیقات کے مطالبے پر کان دھرے جا رہے تھے اور دور ونزدیک پاکستان کے موقف کی اصابت کا اعتراف کیا جا رہا تھا۔بھارت نے دنیا بھر میں اپنے وفود بھیجے پاکستان نے بھی بلاول بھٹو زرداری کے زیر قیادت معتبر سیاستدانوں کا ایک وفد یورپ اور امریکہ کے دورے پر روانہ کیا۔وہ آزادانہ تحقیقات کا مطالبہ کر کے رائے عامہ ہموار کرتے رہے پاکستان کی پیش قدمی جاری رہی لیکن بھارت اپنی بات رٹو طوطے کی طرح دہراتا چلا گیا یہاں تک کہ پاکستان پر چڑھ دوڑا۔پاکستان پر فضائی حملہ کیا آبادیوں کو نشانہ بنایا اور ڈنکے بجانے لگا کہ ہم نے دہشت گردوں کے ٹھکانوں کو تاراج کر ڈالا ہے۔بھارتی میڈیا زہر اگلنے لگا پاکستان کے مختلف شہروں پر قبضہ کرنے کی خبریں نشر ہونے لگیں۔یہ دعوی تک کر ڈالا گیا کہ وزیراعظم شہباز شریف فرار ہو گئے ہیں گویا بھارتی پرچم پاکستانی سرزمین پر لہرا رہے ہیں۔پاکستان کی افواج نے حملہ آوروں کو دبوچ لیا اس کے لڑاکا طیارے مار گرائے۔ایئر ڈیفنس سسٹم کو ناکارہ بنا دیا۔رافیل گدھوں کی طرح پھڑ پھڑا رہے تھے پاکستانی فضائیہ فضاؤں پر چھا چکی تھی۔چار روز جاری رہنے والی جنگ میں بھارت کو منہ کی کھانا پڑی صدر ٹرمپ کی مداخلت پر جنگ بندی ہوئی دونوں ملکوں میں ایٹمی جنگ کا خطرہ ٹل گیا کہ دونوں ایٹمی ہتھیاروں سے لیس تھے اور ایک دوسرے کو نیچا دکھانے کے لیے کسی بھی حد تک جا سکتے تھے۔وہ دن جائے اور آج کا آئے صدر ٹرمپ اپنے سر پر اس جنگ بندی کا سہرا سجائے ہوئے ہیں۔وہ بار بار اعلان کر چکے ہیں کہ بھارتی طیارے مار گرائے گئے دو تین سے ہوتے ہوئے گنتی آٹھ تک بلکہ اس سے بھی آگے پہنچ چکی ہے۔بھارت نے پاکستان پر جو ڈرون چھوڑے تھے وہ بھی مٹی کا ڈھیر بن گئے ہانپتی کانپتی بھارتی فضائیہ امان طلب کرنے لگی۔جنگ بند ہوئی لیکن پاکستان کی طاقت اور صلاحیت کی دھاک بٹھا گئی۔اس کی مسلح افواج نے جنرل عاصم منیر کے زیر قیادت تاریخ کا رخ بدل ڈالا تھا۔ان کی خدمات کے اعتراف میں انہیں فیلڈ مارشل بنایا گیا چیف آف ڈیفنس فورسز کا نیا ادارہ قائم ہوا جس کی سربراہی انہیں سونپی گئی۔فضائی اور بری افواج کی صلاحیتوں کی دھوم مچ گئی پاکستان نئی بلندیوں اور نئی رفعتوں کو چھونے لگا۔

گزشتہ ایک سال کے دوران جہاں پاکستان کا قد اونچا ہوا ہے وہاں اس پر دوستوں کے اعتماد میں بھی اضافہ ہوا ہے۔مشرق وسطی اور جنوبی ایشیا میں استحکام لانے کے لیے اس کے کردار کا اعتراف کیا جا رہا ہے۔بھارت جسے چین کا مقابلہ کرنے کے لیے تیار کیا جا رہا تھا امریکی تھپکیاں اس کو مست کیے ہوئے تھیں اپنی اہمیت اور افادیت کھو بیٹھا ہے۔چین کے مقابلے کی بات تو رہی ایک طرف وہ تو پاکستان کے سامنے بھی ٹھہر نہیں پایا۔پانچ گنا چھوٹے ملک نے اس کے گھٹنے نکوا دیے ہیں۔

گزشتہ ایک سال کے دوران پاکستان کا رخ آسمان کی طرف ہے اور بھارتی قیادت پر زمین تنگ ہے۔ایران پر امریکی اور اسرائیلی حملے کے بعد پاکستان نے ثالث کے طور پر جو کردار ادا کیا اس کی بھی دنیا بھر میں تحسین کی جا رہی ہے۔امریکہ اور ایران کے وفود کو اسلام آباد میں آمنے سامنے بٹھایا گیا اور اب بھی دونوں ملکوں کے درمیان پاکستان ہی رابطہ بنا ہوا ہے۔فیلڈ مارشل سید عاصم منیر اور وزیراعظم شہباز شریف مرجع خلائق ہیں۔پوری دنیا ان کا اعتراف کر رہی ہے ان کی مساعی کی شکر گزار ہے۔پاکستان اور سعودی عرب کے درمیان باقاعدہ دفاعی معاہدہ ہو چکا ہے اور دونوں ملک ایک دوسرے کی سلامتی کے ضامن بن گئے ہیں۔پاکستان نے ایران امریکہ سعودی عرب اور چین کے ساتھ اعتماد سازی کی ہے اور داد کا مستحق ٹھہرا ہے۔ایک سال پہلے تصور بھی نہیں کیا جا سکتا تھا کہ پاکستان اس طرح اپنی طاقت اور صلاحیت کا اظہار کرے گا۔بلندیوں کا سفر جاری ہے۔سول اور فوجی قیادت ایک دوسرے کے شانہ بشانہ مصروف عمل ہے۔اپنے اپنے سر پر سہرا سجانے کے بجائے ایک دوسرے کا اعتراف کیا جا رہا ہے۔وزیراعظم فیلڈ مارشل کے لیے رطب اللسان ہیں تو فیلڈ مارشل اور فوجی ترجمان وزیراعظم کو داد دے رہے ہیں۔دونوں کی بات درست ہے دونوں نے کمال کر دکھایا ہے۔دو قالب یک جان ہو کر نئی تاریخ لکھ ڈالی ہے پاکستانی قوم کو یقین دلا دیا ہے کہ ریاستی ادارے اسے ناقابل تسخیر بنا سکتے ہیں اس کی حفاظت کا حق ادا کر سکتے ہیں۔اے کاش ہمارے اہل سیاست بھی یہی روش اپنا لیں ایک دوسرے کا اعتراف کرنے لگیں ایک دوسرے کی طاقت بن جائیں تو پھر پاکستان کو اور آگے بڑھانا آسان ہو جائے گا۔دفاعی طور پر عظیم پاکستان کو اپنے پاؤں پر کھڑا ہی نہیں ہونا چلنا بلکہ دوڑنا ہے۔اپنے عوام کو آسانیاں فراہم کرنی ہیں انہیں مالا مال کرنا ہے۔ایک دوسرے کی طاقت بن کر ہی ہم ہر میدان میں جھنڈے گاڑ سکیں گے: ہر "محاذ جنگ پر ہم لڑیں گے بے خطر!

سیاست کا جنازہ

ایک طرف معرکہ حق اور دوسری طرف ایران جنگ میں ثالثی کے درجات ان دونوں عوامل کے بیچ میں ریاستی حاکمیت کا رعب ودبدبہ بڑھ گیا ہے اور روایتی سیاست کا حشر ہو گیا ہے۔بڑے بڑے پھنے خانوں کے زمانوں میں کسی نہ کسی صورت سیاست زندہ رہتی تھی۔اقتدار کی تختی کے باوجود اپوزیشن کی سیاست چلتی رہتی تھی۔یہ دور ایسا آیا ہے کہ تمام پرانی روایات اندھیروں میں گم ہو گئی ہیں۔جو سیاست باقی ہے وہ اس خاص قسم کی جو سرکار کی سرپرستی میں ہی چل سکتی ہے۔پی ٹی آئی کے ساتھ وہ ہوا ہے کہ اس کی سیاست اڈیالہ جیل کی ملاقاتوں تک محدود ہو گئی ہے۔اہل نظر مانیں گے کہ ایسا دور کبھی دیکھا نہیں۔سیاست تو ایک طرف رہی صحافت کے حالات ایسے بن چکے ہیں کہ ساری کاٹ اس میں سے نکل گئی ہے۔اول تو اخبارات کی وہ وقعت نہیں رہی جو ایک زمانے میں ہوا کرتی تھی اور جو بچی ہے اس پر احتیاط کے سائے بہت گہرے پڑ گئے ہیں۔میڈیا کا نیا چہرہ یوٹیوب کی صورت میں ہے۔باہر کے ملکوں میں یوٹیوبر اور پوڈ کاسٹ کرنے والوں کا بڑا چرچا ہوتا ہے لیکن پاکستان میں رہتے ہوئے یوٹیوب پر زیادہ کمالات دکھانا اتنا آسان نہیں۔آج کے ماحول میں چھوٹی چھوٹی بات پر دھر لیا جانا ایسا اچنبھا نہیں رہا۔اس وجہ سے یوٹیوب پر بھی احتیاط کا دامن مضبوطی سے پکڑنا ضروری سمجھا جاتا ہے۔امریکہ میں اس سال کانگریس کے مڈٹرم الیکشن ہونے ہیں اور صدارتی انتخاب کا سال 2028 ہے۔لیکن اب سے صدارتی انتخاب کے بارے میں چہ میگوئیاں اور قیاس آرائیاں شروع ہو گئی ہیں۔وہاں کی سیاست میں ایک زندہ پن ہے جو جاری وساری رہتا ہے۔انگلستان میں لوکل الیکشن ہوئے ہیں جس میں کیئر سٹارمر کی لیبر پارٹی پٹ کے رو گئی ہے۔لوکل الیکشن کے نتائج کی بنیاد پر مستقبل کی سیاست کے اندازے اب سے شروع ہو گئے ہیں۔یہاں کی سیاست کو پچھلے انتخابات کا جو ٹیکہ لگا اور جس طریقے سے فارم 47 کی بدولت نتائج مرتب کیے گئے عام آدمی کا دل روایتی سیاست سے بہت حد تک بیزار ہو چکا ہے۔خیال پختہ ہو چلا ہے کہ انتخابی عمل میں نتائج پہلے سے طے ہوں تو اتنے تجسس یا تگ ودو کی ضرورت کیا رہ جاتی ہے۔گزرے وقتوں کے شہسواروں نے بڑی کوشش کی کہ سیاست کا کیڑا پاکستان کے جسمِ خاکی سے نکال دیا جائے۔کوئی کامیاب نہ ہوا سوائے اب جو ہم دیکھ رہے ہیں۔بے شک یار دوست کہتے رہیں کہ لوگوں کی سوچ وہیں ہے جہاں تھی اور موقع آئے تو پھر دیکھیں کیسا طوفان برپا ہوتا ہے۔بات درست ہے اور اس سے انکار ممکن نہیں لیکن وہ موقع کہاں سے آئے گا اور اس کی اجازت کون دے گا؟ مسئلہ تو یہ ہے۔ملکی ماحول صرف سیاست سے نہیں بنتا۔میڈیا ایک ماحول بناتا ہے وکلا کا بہت اہم رول ہوتا ہے۔پرانے وقتوں میں عدلیہ سے کچھ نہ کچھ امید جڑی رہتی تھی۔لیکن جیسا کہ ہم دیکھ سکتے ہیں پورے ملکی منظرنامے پر حالات کا سسٹم رولر کچھ یوں پھرا ہے کہ کیا وکلا برادری اور کیا دوسرے سب کی روح جیسے کھینچ لی گئی ہو یہ کیفیت بن چکی ہے۔یہ اور بات ہے کہ دیہاڑیاں سب کی لگی ہوئی ہیں کیا صحافی اور کیا وکیل یا کوئی اور اپنے اپنے دھندوں میں لگے ہوئے ہیں اور اسی میں خوش معلوم ہوتے ہیں۔مہنگائی کا رونا بجا۔لیکن مہنگائی اور خراب معاشی حالات کا زیادہ اثر ان طبقات پر پڑتا ہے جن کی آواز اتنی ہوتی نہیں اور اسی وجہ سے جن کے معمولات ریاستی ترجیحات میں اتنا وزن نہیں رکھتے۔بڑے مفادات کا تحفظ تو ریاست کرتی ہے لیکن جہاں تک عام لوگوں کا تعلق ہے انہیں نمائشی مہمات سے یا لیپ ٹاپ کی تقسیم جیسی چھوٹی موٹی سکیموں سے خوش رکھا جاتا ہے۔ایسی شعبدہ بازیاں چلتی رہتی ہیں اور چونکہ موجودہ تمام کا تمام سیاسی ڈھانچہ غیر نمائندہ طریقوں سے معرضِ وجود میں لایا گیا شعبدہ بازی اور نمائش پر انحصار کچھ زیادہ ہی دیکھنے کو ملتا ہے۔معرکہ حق اور سفارتی کامیابیوں کے باوجود سرکار کے وفادار حلقے بھی اتنا تو مانیں گے کہ پاکستان کے معاشی حالات کمزور ہیں۔اور اقوام عالم میں پاکستان کو اپنا جائز مقام تب تک حاصل نہیں ہو سکتا جب تک پاکستان معاشی طور پر مضبوط نہ ہو۔ثالثی کے حوالے سے پاکستان کا جتنا بھی چرچا ہوا ہے اس بات کو چھپا نہیں سکتے کہ یو اے ای کے پیسے دینے کے بعد سعودی عرب ہماری مدد کو نہ آتا تو ملک مشکل میں پڑ جاتا۔آبادی دیکھیں ہماری کہاں ہے اس لحاظ سے ہمارا شمار بڑے ملکوں میں ہوتا ہے لیکن ملکی معاملات چلانے کا یہ کوئی طریقہ نہیں کہ مانگے تانگے پر کام چلے۔معاشی حالات ٹھیک ہونے کے لیے یہ خیال ہیں تو نظر یہی آتا ہے کہ سیاسی حالات میں کسی بہتری کے بجائے ناامیدی کی ایک کیفیت جنم لے رہی ہے۔جنرل ضیا کے دور میں مستقبل کے حوالے سے قوم کا ایک بہت بڑا حصہ امید رکھتا تھا کہ اس دھرتی پر مہذب سیاسی طور طریقے پروان چڑھیں گے۔اب حالات کچھ یوں بنے ہیں کہ اس قسم کی خوش فہمی کی گنجائش معدوم ہو گئی ہے۔

خواہ تنقید کی بات نہیں صحیح قیادت کا خلا ہمارے ہاں موجود ہے۔معیشت سے لے کر تعلیم وتدریس کے شعبوں تک انقلابی اصلاحات کی ضرورت ہے تو کوئی انکار ممکن نہیں۔کیا نمائشی مہمات سے ہی اس ملک کے معاملات چلتے ہیں؟ بہت کچھ کرنے کو ہے اصلاحِ احوال کی بہت ضرورت ہے۔قومی ترجیحات کا تعین کرنا اور پھر ان کو حاصل کرنے کا لائحہ عمل مرتب کرنا یہ کسی اچھے سیاسی عمل سے ہی ممکن ہو سکتا ہے۔لیکن جب مختلف بندشوں کا رواج پڑ چکا ہو تو صرف سیاسی عمل نہیں سیاسی سوچ مفلوج ہو جاتی ہے۔ایسے معاشرے پھر جہاں ہوتے ہیں وہیں کے رہ جاتے ہیں۔آگے نکلنے کی صلاحیت نہیں رہتی۔

خدا نہ کرے ہمارے ساتھ ایسا ہو۔ایران جنگ کے تناظر میں اس خطے میں ایک نئی صورتحال پیدا ہو رہی ہے۔پاکستان میں بھی کسی نئی صبح کا آغاز ہو۔

☆☆☆

جنگ کب تک چلے گی؟

میں اس تاریخی حقیقت کو اچھی طرح سمجھتا ہوں کہ ہر ملک یا ریاست کو اپنی بقا کے لیے ایک دشمن کی ضرورت ہوتی ہے ورنہ وہ ریاست بہت جلد خطرات میں گھر جاتی ہے جو زیادہ تر اندرونی ہوتے ہیں۔پہلے بھی اپنے کالموں میں اس موضوع پر روشنی ڈال کر وضاحت کر چکا ہوں لہذا مجھے اس ایشو کو دوبارہ چھیڑنے کی ضرورت نہیں۔دشمن تو ہر ریاست کو درکار رہتا ہے لیکن کیا ہمہ وقت اس کی تکرار بھی ضروری ہے؟

پچھلے سال مئی میں لڑی گئی پاک بھارت جنگ کو ایک سال مکمل ہو چکا ہے۔بھارت میں اس ایک سال کو الگ انداز سے جشن کے طور پر منایا جا رہا ہے اور ہمارے ہاں مختلف انداز میں۔دونوں ملکوں کے عوام اور میڈیا اپنی اپنی جگہ خوش اور مطمئن ہیں کہ جنگ ہم نے جیتی تھی۔ہم اس جنگ میں فتح کے دعوے پر خوشی منانے کا حق رکھتے ہیں کیونکہ ہمارے دعووں کی تصدیق عالمی سطح پر مختلف ممالک کے علاوہ جنگی ماہرین بھی کر چکے ہیں۔خصوصاً رافیل طیاروں کو نشانہ بنانے کی بات اب کوئی راز نہیں رہی۔فرانس سے لے کر امریکہ بلکہ بھارت کے دفاعی ماہرین بھی اس بات سے اتفاق کرتے ہیں کہ پاکستان ایئر فورس نے بھارت کے رافیل طیارے مار گرائے اور ایسا خوف پیدا کیا کہ بھارت نے فوری طور پر وہ جدید طیارے جنہیں وہ فرانس سے ساٹھ ہزار کروڑ ادا کر کے پاکستان کو سبق سکھانے کے لیے لایا تھا نہ صرف گراونڈ کر دیے بلکہ انہیں پاکستانی سرحد سے دو ڈھائی سو کلومیٹر دور منتقل کر دیا گیا۔

اب دیکھنے ہیں کہ اس جنگ سے کیا فائدہ ہوا اور کیا نقصان۔ایک سال بعد اب ہم اس پوزیشن میں ہیں کہ اس پورے منظرنامے کا جامع جائزہ لے سکیں۔مجھے لگتا ہے کہ یہ جنگ نریندر مودی کی ایک سیاسی مجبوری تھی اور وہ ہر قیمت پر یہ جنگ چاہتے تھے۔اس وقت بہار کے الیکشن قریب تھے اور بی جے پی کی اپوزیشن پارٹیاں ہمیشہ یہ تنقید کرتی ہیں کہ جب بھی ہندوستان میں کوئی ریاستی چناؤ قریب آنے لگتا ہے تو پاکستان کا نام جلسوں جلوسوں میں زور شور سے لیا جانے لگتا ہے اور مسلمانوں کی زندگی مزید مشکل کر دی جاتی ہے۔یہ بات طے ہے کہ ہندوستان کی سیاست اور میڈیا چینلز کی رینگنگ پاکستان کے نام پر چلتی ہیں لہذا انہیں پاکستان سے بات چیت یا دوستی میں کوئی فائدہ نظر نہیں آتا۔بی جے پی ویسے بھی اس درجے کی سیاسی ذہانت یا اپروچ نہیں رکھتی کہ وہ نہرو مرارجی ڈیسائی واجپائی یا من موہن سنگھ کی طرح پاک بھارت تعلقات کو اہمیت دے۔اگرچہ ہماری طرف سے بھی ماضی میں کچھ ایسی غلطیاں ہوئیں جن کی وجہ سے دونوں ملکوں کے درمیان بہتر تعلقات کی جو شمع روشن ہوئی تھی وہ جلد بجھ گئی۔کبھی ہم نے موقع گنوا دیا اور کبھی بھارت نے۔اور اب شاید قدرت چاہتی ہے یا پھر ہم دونوں ملکوں کو تاریخ کے جبر کے تحت دشمنی ہی سوٹ کرتی ہے۔وہی بات کہ اگر پاکستان اور بھارت دوست بن گئے تو پھر دونوں ملکوں کے حکمران کیا کریں گے؟ شاید ہم سب بے روزگار ہو جائیں گے اسلحہ ساز فیکٹریاں ویران ہو جائیں گی اور ان میں کام کرنے والے لوگ بے روزگار ہو جائیں گے۔اگر آپ گہرائی میں جا کر سوچیں تو امن کے انسانوں کو فائدے کم اور نقصانات زیادہ نظر آتے ہیں جبکہ جنگ اور بربادی میں بہت فائدہ ہے۔ایک تو بیرونی خطرے کے پیش نظر ریاست متحد رہتی ہے حکمرانوں کو حکمرانی کرنے میں آسانی رہتی ہے اور وار انڈسٹری بھی چلتی رہتی ہے۔

اب آپ پوچھیں گے کہ بھارت کو اس جنگ سے کیا فائدہ ہوا؟ اگر آپ پچھلے ایک سال پر نظر ڈالیں تو اب تک چار بھارتی ریاستوں میں الیکشن ہوئے ہیں جہاں بی جے پی کا پلڑا بھاری رہا ہے۔باقی چھوڑیں مغربی بنگال میں اسے جو فتح ملی ہے وہ ناقابلِ یقین ہے۔وہاں ممتا بینرجی جیسی سولہ سترہ سال سے وزیراعلی رہنے والی سیاسی رہنما اپنی سیٹ تک ہار گئیں۔اگر آپ وہاں کی الیکشن مہم کو فالو کریں تو پتہ چلے گا کہ وہاں بھی پاکستان کے نام پر الیکشن لڑا گیا اور مسلمان ہی ٹارگٹ بنے۔مودی نے اس لیے بھی بڑی محدود جنگ لڑی کہ وہ اپنے ووٹرز کو صرف یہ پیغام دینا چاہتا تھا کہ وہ کانگریس کے برعکس پاکستان پر حملہ کر سکتا ہے۔ہندوستانیوں کو اس بات کی پروا نہیں کہ جنگ میں ان کے کتنے جہاز گرے وہ صرف اس بات پر خوش ہیں کہ ان کے وشوگرو نے پاکستان پر حملہ کیا۔پاکستان نے جواب میں ان کا کیا نقصان کیا وہ اس پر توجہ نہیں دینا چاہتے۔

دوسری طرف دیکھا جائے تو پاکستان جس پر یہ جنگ تھوپی گئی تھی اور جس نے اپنا دفاعی حق استعمال کیا یہاں بھی اس جنگ کا فائدہ ہوا ہے۔اب آپ کہیں گے کہ بھلا جنگیں کب انسانوں کا بھلا کرتی ہیں لیکن آپ نے وہ مشہور قول ضرور سنا ہوگا کہ بعض دفعہ امن قائم کرنے کے لیے بھی جنگ ضروری ہو جاتی ہے۔معرکہ حق میں کامیابی کے بعد ہمارے اندر ایک نیا اعتماد پیدا ہوا ہے۔ورنہ پوری دنیا سمیت ہمیں خود بھی یقین نہیں تھا کہ بھارت جیسے بڑے ملک کے ساتھ ہم روایتی جنگ میں اس سطح کی کامیابی حاصل کر سکتے تھے۔دنیا میں ہمارا وقار بڑھا ہے کہ اب امریکہ اور ایران جیسے ملکوں کی جنگوں کے سیز فائر اور امن معاہدے ہمارے ہاں ہو رہے ہیں۔ان سب ملکوں کا ہم پر اعتماد بڑھا ہے۔افواجِ پاکستان کا مقام مزید بلند ہوا ہے۔یقینی طور پر جنرل عاصم منیر بھی اس جنگ کی وجہ سے فیلڈ مارشل بنے اور صدر ٹرمپ گزشتہ ایک سال سے ان کی تعریف کرتے پائے جاتے ہیں۔لیکن ایک اہم سوال میرے ذہن میں مسلسل ابھرت

بقیہ 1

نام، ہرشہیداور ہر غازی کی عظیم ماں، بچوں کے لئے محنت مزدوری کرنے والی ہر ماں، خود بھوکا رہ کر بچوں کو کھلانے والی ہر بے لوث ماں کی عظمت کو سلام پیش کرتی ہوں۔انہوں نے کہا کہ زندگی کی چلچلاتی دھوپ میں ماں ٹھنڈی چھاؤں کی مانند باعث راحت وسکون ہے،اللہ تعالیٰ نے اپنی محبت کو ماں کی محبت سے تشبیہ دے کر رتبہ بلند کر دیا، ماں سچے جذبے اور رشتے کا نام ہے، مائیں خاندان کا سنگ بنیاد اور معاشرت کا ستون ہیں۔ان کا کہنا تھا کہ مدرڈے ماؤں کی غیر معمولی محبت اور قربانیوں کو تسلیم کرنے کا دن ہے، مدرڈے پر اور ہر روز اپنی عظیم ماں کی کمی محسوس کرتی ہوں، والدہ محترمہ کلثوم نواز کی محبت وشفقت کبھی فراموش نہیں کرسکتی۔مریم نواز شریف نے کہا کہ والدہ محترمہ کی دعاؤں کی بدولت آج اس منصب پر ہوں، ماں کی خدمت کو شعار بنانے والے دنیا و آخرت میں سرخرو ہوتے ہیں، ہرماں کی صحت اور تندرستی کے لئے دعا گو ہوں۔

بقیہ 2

خطرناک ہوں گے، پاکستان کا دفاع کسی بھی بیرونی جارحیت کیخلاف مکمل طور پر ناقابل تسخیر ہے، ملکی خود مختاری، سرحدی سالمیت اور قومی وقار پر کوئی سمجھوتہ قابل قبول نہیں، بھارت کو اس جنگ کے نتیجے میں شدید جانی و مالی نقصان اٹھانا پڑا جس کی قیمت وہ آنے والے وقتوں تک چکاتا رہے گا،صدر، وزیراعظم، وفاقی کابینہ، قومی وصوبائی سیاسی قیادت اور تمام سیاسی جماعتوں کا بھی شکریہ ادا کیا، جن کی سیاسی بصیرت اور رہنمائی سے پاکستان کو یہ کامیابی حاصل ہوئی،افغانستان اپنی سرزمین سے دہشت گردی کے مراکز کا مکمل خاتمہ کرے، کشمیری عوام کی سیاسی، سفارتی اور اخلاقی مدد جاری رکھیں گے۔ان خیالات کا اظہار فیلڈ مارشل نے معرکہ حق کا ایک سال مکمل ہونے پر جی ایچ کیو راولپنڈی میں منعقدہ خصوصی تقریب سے خطاب کرتے ہوئے کیا۔ چیف آف ڈیفنس فورسز فیلڈ مارشل عاصم منیر، پاک فضائیہ کے سربراہ ایئر چیف مارشل ظہیر احمد بابر سدھو، سربراہ پاک بحریہ ایڈمرل نوید اشرف نے شہدا کی یادگار پر حاضری دی اور پھول رکھے، مسلح افواج کے چاق و چوبند دستوں نے سلامی پیش کی ہے۔معرکہ حق کی پہلی یادگاری تقریب سے خطاب کرتے ہوئے فیلڈ مارشل عاصم منیر نے کہا کہ آج کا دن ہم سب کے لیے قابل فخر ہے، دشمن کی جارحیت کا قومی وحدت وجرت سے جواب دیا گیا، پاکستان نے ہمیشہ دشمن کے اندازوں کو ناکام بنایا۔ معرکہ حق میں اللہ تعالیٰ کی رضا سے پاکستان،عوام اور مسلح افواج کو ایک بے مثال کامیابی ملی۔معرکہ حق دو ممالک کے درمیان لڑی جانے والی جنگ نہ تھی یہ دو نظریات کے درمیان فیصلہ کن معرکہ تھا، 6اور 7 مئی کی درمیانی شب سے 10 مئی تک دشمن نے ہمارے قومی وقار کو آزمانے کی ناکام کوشش کی۔فیلڈ مارشل عاصم منیر نے کہا کہ مئی 2025 کا معرکہ کوئی اچانک پیش آنے والا معرکہ نہ تھا، ماضی میں بھی دشمن نے پاکستان پر بے بنیاد اور من گھڑت الزامات لگانے کی کوشش کی لیکن معرکہ حق میں بھارتی جارحیت کا منہ توڑ جواب دیا گیا، پاکستان کے دشمن کو ہر بار شکست سے دوچار کیا گیا۔ فیلڈ مارشل عاصم منیر نے کہا کہ ہندوستان کا خواب ہے کہ وہ پاکستان کو عسکری جارحیت اور سفارتی تنہائی کا نشانہ بنا کر خطے میں طاقت کا توازن تبدیل کرے، اس کا یہ خواب اس کے قد کاٹھ اور صلاحیت سے کہیں زیادہ ہے جسے پاکستان کبھی کامیاب نہیں ہونے دے گا، پچھلے ایک برس کے دوران پاکستان کے قومی وقار میں بہت اضافہ ہوا جس اعتراف دنیا بھر میں ہورہا ہے، آج ماضی کے مقابلے میں دنیا بھر میں ہمارے دوستوں کی تعداد کہیں زیادہ ہے۔انہوں نے کہا کہ میں معرکہ حق کے تمام شہدا اور غازیوں بالخصوص شہید ہونے والی بہتی عورتوں، بوڑھوں اور معصوم بچوں کو پوری قوم اور افواج پاکستان کی جانب سے خراج عقیدت پیش کرتا ہوں، ہم اپنے شہدا کی قربانی کو امانت، اپنی طاقت کو ذمہ داری اور اپنی کامیابی کو خدائے بزرگ و برتر کا احسان سمجھتے ہیں۔فیلڈ مارشل نے اپنے خطاب میں صدر پاکستان، وزیراعظم، وفاقی کابینہ، قومی و صوبائی سیاسی قیادت اور تمام سیاسی جماعتوں کا بھی شکریہ ادا کیا، جن کی سیاسی بصیرت اور رہنمائی سے پاکستان کو یہ کامیابی حاصل ہوئی۔فیلڈ مارشل نے کہا کہ پاکستان کے سفارتی نمائندوں نے عالمی سطح پر موثر کردار ادا کیا جبکہ میڈیا، صحافتی برادری اور نوجوانوں نے دشمن کے پروپیگنڈا اور سائبر وارفیئر کو ناکام بنایا،

9 مئی واقعات ملوث عناصر کو سزا ملنی چاہیے، فیصل کنڈی

قومی مفاد کیلئے اداروں نے مل کر موثر سفارتکاری کی، دنیا پاکستان کی جانب متوجہ، ہم مخالف قوتوں کو مذاکرات کی میز پر لائے

مختلف ذرائع سے تیل درآمد ہونے کے باعث پٹرولیم قیمتوں میں اضافہ ہو رہا ہے، گورنر کے پی کے فیصل کریم کنڈی

پشاور (اے ایف پی) گورنر خیبر پختونخوا فیصل کریم کنڈی نے کہا ہے کہ 9 مئی واقعات میں ملوث عناصر کو قانون کے مطابق سزا ملنی چاہیے، ہماری افواج نے دشمن کو موثر جواب دے کر قومی دفاع کو مضبوط بنایا، دنیا کی نظریں آج پاکستان کی سفارتی اور (بقیہ نمبر 30)

مہنگائی کا طوفان، عوام بے بس، سفید پوش طبقے کا جینا محال

گیس بجلی کے بھاری بھرکم ٹیکسز نے سفیدی پوشی کا بھرم توڑ دیا

گوجر خان (قمر شہزاد) ملک میں بڑھتی ہوئی مہنگائی اور پیٹرولیم مصنوعات کی قیمتوں میں مسلسل اضافے نے خطہ پوٹھوہار سمیت گوجر خان کے دیہاڑی دار اور متوسط (بقیہ نمبر 31)

ضلعی انتظامیہ کے زیر اہتمام میوزک کنسرٹ میں آئمہ بیگ سمیت دیگر فنکار اپنے فن کا مظاہرہ کر رہے ہیں۔ کمشنر شوکت علی، آر پی او شہزاد آصف، ڈپٹی کمشنر، ڈی پی او و دیگر شریک ہیں، جبکہ دوسری جانب آتش بازی کا مظاہرہ کیا جا رہا ہے

معرکہ حق کی پہلی سالگرہ، سپورٹس اسٹیڈیم میوزک کنسرٹ

ملی نغموں، قومی نعروں سے فضا گونج اٹھی، آتش بازی کا شاندار مظاہرہ

سرگودھا (نمائندہ عوامی للکار) معرکہ حق کے ایک سال مکمل ہونے پر ضلعی انتظامیہ سرگودھا کے زیر اہتمام سپورٹس اسٹیڈیم میں شاندار میوزک کنسرٹ کا انعقاد کیا گیا، جس میں ملک کی معروف گلوکارہ آئمہ بیگ سمیت دیگر فنکاروں نے ملی نغمے پیش کر کے شہدا اور غازیوں کو خراج عقیدت پیش کیا۔ تقریب میں کمشنر سرگودھا ڈویژن حافظ شوکت علی، آر پی (بقیہ نمبر 32)

پاکستان سمیت دنیا بھر میں ماں کا عالمی دن منایا گیا

لاہور (این این آئی) پاکستان سمیت دنیا بھر میں ماں سے محبت کے اظہار کا عالمی دن منایا گیا۔ ماں سے محبت کے اظہار کا عالمی دن منانے کا مقصد اس عظیم اور مقدس رشتے کی اہمیت کا احساس اجاگر کرنا ہے۔ (بقیہ نمبر 34)

راجہ مجاہد افسر ڈنڈوت کی کاوشیں رنگ لے آئیں

ڈنڈوت کے سالانہ عرس کو راجہ مجاہد افسر نے نئی رونق بخش دی، شاندار استقبال

چوآ سیدن شاہ (خاور شہزاد) قصبہ ڈنڈوت میں منعقدہ سالانہ عرس کی تقریبات اس وقت نئی روح اور جوش سے بھر گئیں جب معروف سماجی شخصیت راجہ مجاہد افسر ڈنڈوت نے متحرک کردار ادا کرتے ہوئے ڈپٹی کمشنر چکوال سارہ حیات گوندل سے خصوصی ملاقات کی اور علاقائی کھیلوں خصوصاً کبڈی میچ کے انعقاد کے لیے باقاعدہ اجازت حاصل کی، جس (بقیہ نمبر 33)

فوج نے عوام کے دلوں میں امید کی نئی شمع روشن کر دی، پروفیسر اسحاق میو

لاہور (این این آئی) آل پاکستان کیسٹ ریٹیلرز ایسوسی ایشن کے چیئرمین پروفیسر اسحاق میو نے کہا ہے کہ فوج نے عوام کے دلوں میں امید کی نئی شمع روشن کر دی (بقیہ نمبر 35)

معرکہ حق فتح دن پنجاب اسمبلی کا اجلاس آج ہوگا

معرکہ حق کی پہلی سالگرہ کی مناسبت سے پنجاب اسمبلی میں (آج) خصوصی اجلاس ہوگا

خصوصی اجلاس کا ایجنڈا معرکہ حق، ون نیشن ون وائس ہوگا، وزیر اعلیٰ پنجاب کی آمد بھی متوقع

لاہور (این این آئی) معرکہ حق کی پہلی سالگرہ کی مناسبت سے پنجاب اسمبلی میں آج (پیر) کے روز خصوصی اجلاس ہوگا۔ دوپہر دو بجے شروع ہونے والے اجلاس کی صدارت سپیکر ملک محمد احمد خان کریں گے جبکہ اجلاس میں وزیر اعلیٰ پنجاب مریم نواز شریف کی آمد بھی متوقع ہے۔ اسمبلی سیکرٹریٹ کے مطابق (بقیہ نمبر 55)

مبینہ جعلی پولیس مقابلے کیخلاف احتجاجی ریلی

اگر عبدالجبار سبزوئی کسی جرم میں ملوث تھا تو عدالت میں پیش کیا جانا چاہیے تھا

کندھ کوٹ (علی نواز شیخ) عبدالجبار سبزوئی کے مبینہ جعلی پولیس مقابلے میں قتل کے خلاف سندھ ترقی پسند پارٹی کی جانب سے احتجاجی ریلی نکالی گئی۔ مظاہرین نے پریس کلب کے سامنے شدید نعرے بازی کرتے ہوئے شفاف تحقیقات اور ملوث اہلکاروں کی گرفتاری (بقیہ نمبر 56)

رجب بٹ کو پولیس پروٹوکول دینے کیخلاف درخواست آج سماعت

لاہور (این این آئی) لاہور ہائیکورٹ میں یوٹیوبر رجب بٹ کو عدالت پیشی کے موقع پر پولیس پروٹوکول فراہم کرنے کے خلاف دائر درخواست پر سماعت آج (پیر) کے روز ہوگی۔ لاہور ہائیکورٹ کے (بقیہ نمبر 57)

تھانہ وارث خان پولیس کی کاروائی، زیر حراست شخص سے برآمد ہونیوالی چرس نمایاں ہے

بنوں خودکش حملہ، امیر مقام کی شدید الفاظ میں مذمت

شہدا کی قربانیاں رائیگاں نہیں جانے دیں گے، وفاقی وزیر امور کشمیر و گلگت بلتستان

اسلام آباد (این این آئی) وفاقی وزیر برائے امور کشمیر، گلگت بلتستان و سیفران اور صدر پاکستان مسلم لیگ (ن) خیبر پختونخوا انجینئر امیر مقام نے ضلع بنوں میں فتح خیل پولیس سٹیشن پر دہشتگردوں کے حملے کی شدید مذمت کی ہے۔ یہاں جاری بیان کے مطابق وفاقی وزیر نے حملے میں جانی نقصان پر گہرے دکھ اور افسوس کا اظہار کرتے ہوئے شہدا کے درجات (بقیہ نمبر 60)

ٹریفک حادثے میں ایک شخص جاں بحق، 2 بچے زخمی، فائرنگ کے واقعات میں 3 افراد زخمی

کراچی (اے ایف پی) کراچی کے علاقے نیو کراچی کے علاقے جانڈیو چوک کے قریب ٹریفک حادثے میں ایک شخص جاں بحق ہو گیا۔ واقعے کے بعد ریسکیو ٹیمیں جائے وقوعہ پہنچیں اور جاں بحق شخص کی لاش کو (بقیہ نمبر 58)

بنیان مرصوص کی فتح پوری پاکستانی قوم کیلئے قابل فخر، کمشنر سرگودھا

سرگودھا (این این آئی) کمشنر حافظ شوکت علی نے کہا کہ بنیان مرصوص کی شاندار فتح پوری پاکستانی قوم کے لیے قابل فخر ہے۔ انہوں نے کہا کہ اس فتح میں پاک افواج کے شانہ بشانہ ہر پاکستانی کا شاندار کردار تھا۔ ذرائع کے مطابق کمشنر حافظ شوکت علی نے (بقیہ نمبر 59)

57 ہزار سے زائد پاکستانی عازمین کی آمد

معاون عملہ 1259 اور بسوں کی تعداد 245 تک بڑھا دی گئی

مکہ مکرمہ (این این آئی) مزید 4077 عازمین حج پہنچے ہیں، اس اضافے کے ساتھ ہی سعودی عرب میں موجود پاکستانی عازمین کی کل تعداد 56,272 ہوگئی ہے، مجموعی طور پر سرکاری کوٹے کا 47 فیصد حصہ حجاز مقدس پہنچ چکا ہے۔ ترجمان وزارت مذہبی امور کے مطابق پاکستانی عازمین حج کی مدینہ منورہ میں قیام، زیارات اور عبادات مکمل کرنے کے بعد (بقیہ نمبر 61)

معرکہ حق پاکستان نے بھارت کو ناکوں چنے چبوائے

پنجاب بار کونسل

بنیان مرصوص کا جذبہ ہمیں سکھاتا ہے اتحاد، ایمان، حوصلے سے ہر چیلنج کا مقابلہ کیا جا سکتا ہے، وائس چیئرمین خواجہ قیصر

معرکہ حق کا جشن پوری مسلم امہ کو منانا چاہیے کیونکہ پاکستان نے خطے کو بھارتی بدمعاشی سے بچا لیا، چیئرمین ایگزیکٹو کمیٹی

لاہور (این این آئی) پنجاب بار کونسل نے معرکہ حق کی پہلی سالگرہ پر پاکستانی قوم کو مبارکباد پیش کرتے ہوئے کہا ہے کہ یہ دن پاکستان کی تاریخ میں ایک اہم سنگ میل کی حیثیت رکھتا ہے، معرکہ حق دلیری کی تاریخ ہے، بنیان مرصوص کا جذبہ ہمیں سکھاتا ہے کہ اتحاد، ایمان اور حوصلے سے ہر چیلنج کا مقابلہ کیا جا سکتا ہے۔ وائس چیئرمین خواجہ قیصر بٹ اور چیئرمین ایگزیکٹو کمیٹی فخر حیات اعوان نے اپنے مشترکہ بیان میں کہا کہ معرکہ حق میں پاک فوج کے جوانوں کا جذبہ، جرات، بہادری اور پیشہ ورانہ مہارت پوری دنیا نے دیکھی کہ کیسے انہوں نے چند گھنٹوں میں اپنے سے 6 گنا بڑے دشمن کو دھول چٹا دی۔ جہاں ہم معرکہ حق کا ایک سال مکمل ہونے کی شاندار یادیں تازہ کر رہے ہیں وہیں دشمن کے زخم بھی تازہ کر رہے ہیں۔ انہوں نے کہا کہ معرکہ حق کا جشن پوری مسلم امہ کو منانا چاہیے کیونکہ پاکستان نے خطے کو (بقیہ نمبر 62)

فوری ضرورت

Daily Awami Lalkaar روزنامہ عوامی للکار راولپنڈی

کو ملک بھر کے چھوٹے بڑے شہروں سے

نمائندگان و بیورو چیف درکار ہیں

خواہشمند امیدوار رابطہ کریں۔

0312-7786354

www.awamilalkaar.com

صادق آباد پولیس کی کاروائی، زیر حراست افراد سے برآمد ہونیوالی شراب نمایاں ہے

صادق آباد پولیس کی کارروائی، شراب سپلائر گرفتار

زیر حراست شخص کو ٹھوس شواہد کے ساتھ چالان عدالت کیا جائے گا، ایس پی راول

راولپنڈی (نمائندہ عوامی للکار) صادق آباد پولیس کی کارروائی، شراب سپلائر گرفتار، 44 بوتل شراب برآمد۔ تفصیلات کے مطابق صادق آباد پولیس نے کارروائی کرتے ہوئے شراب سپلائر کو گرفتار کر لیا، زیر حراست فرد سے 44 بوتل شراب برآمد ہوئی، صادق آباد پولیس نے دوران گشت مشکوک شخص کو چیک کیا تو مزکورہ کے قبضے سے شراب برآمد ہوئی، (بقیہ نمبر 36)

قومی عوامی تحریک تعلقہ کنڈھ کوٹ کا اہم تنظیمی اجلاس

اجلاس میں عوامی مسائل کے حل کے لیے بھرپور کردار ادا کرنے کے عزم کا اظہار

کندھ کوٹ (سید رشید احمد شاہ) ضلع کشمور کے آرگنائزر اصلاح بھلکانی، ہیبت داہانی، فدا محمد انی اور سجاد بروہی نے شرکت کی۔ اجلاس کے دوران تعلقہ تنظیم کے نئے عہدیداران کا انتخاب عمل میں لایا گیا۔ متفقہ طور پر شاہ علی سہریانی کو صدر، امجد ملک کو نائب صدر، ادب علی سہریانی کو جنرل سیکرٹری، راجہ اظہر اعوان کو جوائنٹ سیکرٹری، نیک محمد سہریانی کو پریس (بقیہ نمبر 37)

معرکہ حق، ایک سال مکمل، ڈپٹی کمشنر آفس سے ریلی کا انعقاد

پاک فوج نے آپریشن بنیان مرصوص کے ذریعے دشمن کو تاریخی شکست دی، شرکاء

کندھ کوٹ (سید رشید احمد شاہ) جشن معرقہ حق بنیان المرصوص کی پہلی سالگرہ کے عنوان سے ایک بڑی ریلی نکالی گئی جس میں وفاقی و صوبائی محکموں کے افسران، میونسپل کمیٹی کے ممبران، اساتذہ، سیاسی و سماجی تنظیموں کے رہنماں، قومی امن کمیٹی بین المذاہب ہم آہنگی کے اراکین اور شہریوں نے بڑی تعداد میں شرکت کی۔ ریلی میں شریک (بقیہ نمبر 38)

تیز رفتار ڈمپر کے کچل دینے سے نوجوان جاں بحق

نعش ضروری کاروائی کے بعد ورثا کے سپرد کر دی گئی، پولیس مصروف تفتیش

سرگودھا (این این آئی) تیز رفتار ڈمپر کے کچل دینے سے نوجوان جاں بحق ہو گیا۔ جس کی نعش ضروری کاروائی کے بعد ورثا کے سپرد کر دی گئی جسے نماز جنازہ ادا کر کے سپرد خاک کر دیا گیا۔ ذرائع کے مطابق سرگودھا کے قصبہ بھیرہ شیخ پور کہنہ کے نوجوان سید عون رضا شاہ کو گجرات کے علاقہ میں تیز رفتار ڈمپر نے کچل دیا جس میں نوجوان جانبحق ہو (بقیہ نمبر 39)

نجمنڈی پولیس کی کاروائی زیر حراست گینگ سے مسروقہ موٹر سائیکل برآمد

سٹریٹ کرائم، چوری ڈکیتی میں ملوث 2 رکنی گینگ گرفتار

موٹر سائیکل و دیگر چوری کی وارداتوں میں ملوث 2 رکنی گینگ کو گرفتار کر لیا

راولپنڈی (نمائندہ عوامی للکار) نجمنڈی پولیس کی کارروائی، سٹریٹ کرائم، موٹر سائیکل چوری و دیگر چوری کی وارداتوں میں ملوث 2 رکنی گینگ گرفتار، مسروقہ موٹر سائیکل و رقم 12 ہزار روپے برآمد۔ تفصیلات کے مطابق نجمنڈی پولیس نے کارروائی کرتے ہوئے سٹریٹ کرائم، موٹر سائیکل چوری و دیگر چوری کی وارداتوں میں ملوث 2 رکنی گینگ کو گرفتار (بقیہ نمبر 53)

چینی گیتوں کا عالمی مقابلہ پہلی بار پاکستان پہنچ گیا

اسلام آباد رنگا رنگ تقریب، چینی گیتوں کے مقابلے میں نوجوانوں کی شاندار پرفارمنس

تقریب میں پاکستان بھر سے 220 سے زائد درخواستیں موصول ہوئیں

فائنل لسٹس میں جونیئر گروپ کے 10 اور یوتھ گروپ کے 22 شرکاء شامل تھے

اسلام آباد (این این آئی) رواں سال 2026 کے ''کلچر چائنا۔ واٹر کیوب کپ'' چینی گیتوں کے مقابلے کا پاکستان مرحلے کا فائنل وفاقی دارالحکومت اسلام آباد میں اختتام پذیر ہوا جس کے ساتھ اس طویل عرصے سے جاری عالمی ثقافتی تقریب کا پاکستان میں باضابطہ آغاز ہوا۔ یہ مقابلہ موسیقی اور ثقافت کے درمیان ایک پل ثابت ہوا، جس نے شرکاء کو چینی زبان کی موسیقی کی دلکشی سے روشناس ہونے کا موقع فراہم کیا۔ گوادر پرو کے مطابق (بقیہ نمبر 54)

بنوں: خود دھماکے کے نتیجے میں شہید اہلکاروں کی نماز جنازہ سرکاری اعزاز کیساتھ ادا کی جا رہی ہے

تاریخ میں پہلی بار پاکستان کے مؤقف کو پذیرائی ملی

بھارتی پراپیگنڈے کو کسی بھی عالمی ادارے، تنظیم، ملک اور انٹرنیشنل میڈیا نے تسلیم نہیں کیا

لاہور (این این آئی) معرکہ حق میں فتح کے بعد تاریخ میں پہلی بار پاکستان کے مؤقف کو دنیا بھر میں پذیرائی ملی، بھارتی پراپیگنڈے کو کسی بھی عالمی ادارے، تنظیم، ملک اور انٹرنیشنل میڈیا نے تسلیم نہیں کیا۔ ایک رپورٹ کے مطابق مودی حکومت اور گودی میڈیا نے اپنی عادت کے مطابق پہلگام فالز فلیگ آپریشن کا الزام پاکستان پر تھوپنا چاہا مگر منہ کی کھائی، گودی میڈیا نے حملے میں پاکستانی شہریوں کے ملوث ہونے کی کہانی بتائی، بھارتی اینکرز (بقیہ نمبر 63)

پی ڈی ایم اے پنجاب کا، آندھی و بارشوں سے متعلق الرٹ

لاہور، راولپنڈی، مری، گلیات، اٹک، جہلم، چکوال، گوجرانوالہ میں بارش کا امکان

لاہور، راولپنڈی، ملتان (این این آئی) پی ڈی ایم اے نے 12 مئی تک پنجاب کے بیشتر اضلاع میں آندھی اور بارشوں کے متعلق الرٹ جاری کر دیا۔ ترجمان پی ڈی ایم اے کے مطابق پنجاب کے جنوبی اضلاع میں شدید گرمی کی لہر برقرار رہے گی جبکہ 12 مئی تک پنجاب کے بیشتر اضلاع میں بارش کا امکان ہے، لاہور، راولپنڈی، مری، گلیات، اٹک، جہلم، چکوال، گوجرانوالہ میں بارش کا امکان ہے، سرگودھا، میانوالی، شیخوپورہ، گجرات، (بقیہ نمبر 64)

او جی ڈی سی ایل کیمپ کے حق میں بیان کرنیوالوں کا ذاتی مفادات کے علاوہ کوئی تعلق نہیں، سردار عامر

فتح جنگ (نمائندہ عوامی للکار) معروف سیاسی و سماجی شخصیت سردار عامر علی خان خان نے کہا ہے کہ او جی ڈی سی ایل کیمپ کے حق میں بیان بازی کرنے والوں کا اپنے ذاتی مفادات کے علاوہ او جی ڈی سی ایل کیمپ اور سروے سے کوئی تعلق نہیں وہ صرف اور صرف اپنے ذاتی مفادات کو خطرہ لاحق ہونے پر او جی ڈی سی ایل کیمپ کے حق میں ردعمل دے رہے ہیں مقامی آبادی کو لاحق حقیقی تحفظات پر بیان بازی سے بہت سارے سوالات جنم لے رہے ہیں اور ایک او جی ڈی سی ایل (بقیہ نمبر 65)

ایڈیٹر انچیف۔۔ محمد فیصل ندیم

پبلشر علی رضا ملک نے نیو آرٹ مین پرنٹرز مری روڈ راولپنڈی سے چھپوا کر آفس نمبر 1 سٹی پلازہ متصل اللہ دین فن ہاؤس سکستھ روڈ راولپنڈی سے شائع کیا۔

رابطہ۔ 0309-7900035

کراچی پہنچنے والے آئل ٹینکر میں بے ضابطگی کا انکشاف

جہاز کے ماسٹر کی فوری طلبی، شپنگ کمپنی پر 5 لاکھ روپے جرمانہ عائد کیا گیا، ترجمان ایف آئی اے

شامی شہری ایکسپائرڈ سی مین بک پر سفر کرتا پایا گیا، جس کے پاس فلیگ اسٹیٹ دستاویزات بھی موجود نہیں تھیں

کراچی (اے ایف پی) کراچی میں ایف آئی اے امیگریشن نے سی پورٹ پر کارروائی کرتے ہوئے ایک غیر ملکی جہاز میں ہونے والی بڑی بے ضابطگی کا انکشاف کیا ہے۔ ترجمان ایف آئی اے نے کہا ہے کہ آئل ٹینکر ایم ٹی آسانا میں سوار ایک غیر ملکی کریو ممبر ایکسپائرڈ سفری دستاویزات کے ساتھ (بقیہ نمبر 40)

پاکستان خطے میں ثالثی کا کردار ادا کر رہا ہے، صدیقی

ہماری مسلح افواج نے جرات کے ساتھ بھارتی جارحیت کا مقابلہ کیا، وفاقی وزیر

کراچی (اے ایف پی) وفاقی وزیر اور چیئرمین ایم کیو ایم خالد مقبول صدیقی نے کہا ہے کہ معرکہ حق میں شکست کے بعد آج بھارت پورے خطے میں کہیں نظر نہیں آ رہا۔ اپنے ایک بیان میں چیئرمین ایم کیو ایم خالد مقبول صدیقی نے کہا کہ بھارت نے ہم پر (بقیہ نمبر 41)

تحصیلدار و اسپیشل مجسٹریٹ فتح جنگ چوہدری شفقت محمود کو شاندار انتظامی خدمات اور عوام دوست اقدامات پر تحریک استحکام پاکستان فاؤنڈیشن کی جانب سے قائداعظم گولڈ میڈل سے نوازا جا رہا ہے۔

تحصیلدار فتح جنگ کو قائداعظم گولڈ میڈل سے نواز دیا گیا

تحریک استحکام پاکستان کی جانب سے قائداعظم گولڈ میڈل ملنے پر مبارکباد

فتح جنگ (نمائندہ عوامی للکار) تحصیلدار و اسپیشل مجسٹریٹ فتح جنگ چوہدری شفقت محمود کو ان کی شاندار کارکردگی پر تحریک استحکام پاکستان فاؤنڈیشن کی جانب سے انہیں قائداعظم گولڈ میڈل سے نوازا گیا تقریب فتح جنگ میں منعقد ہوئی جہاں اعلیٰ افسران و سیاسی و سماجی شخصیات نے شرکت کی مقررین نے کہا کہ اسپیشل مجسٹریٹ فتح جنگ چوہدری شفقت محمود (بقیہ نمبر 42)

پولیس نے 5 سالہ لاوارث ملنے والے بچی کو والدین تک پہنچا دیا

سرگودھا (این این آئی) سرگودھا پولیس نے اپنوں کو اپنوں سے ملوانے کی مہم میں 5 سالہ لاوارث ملنے والے بچی کو والدین تک پہنچا دیا۔ ذرائع کے مطابق سرگودھا کے قصبہ بھلوال شہر میں پولیس نے ملنے والی 5 (بقیہ نمبر 44)

JI کی بدلو نظام ممبر شپ مہم، سینکڑوں افراد کی شمولیت

ملک کو درپیش مسائل کا حل ایک دیانتدار قیادت اور منصفانہ نظام میں مضمر ہے، مقررین

کندھ کوٹ (سید رشید احمد شاہ) جماعت اسلامی پاکستان کی جانب سے امیر حافظ نعیم الرحمٰن کی ہدایت پر جاری بدلو نظام ممبر شپ مہم کے سلسلے میں ٹاور چوک کندھ کوٹ پر ایک بڑا اور اہم پروگرام منعقد کیا گیا، جس میں شہریوں کی کثیر تعداد نے شرکت کی۔ تقریب کے دوران ممبر شپ مہم میں شمولیت کے لیے سینکڑوں افراد نے فارم پر کیے اور جماعت (بقیہ نمبر 43)

قیام امن، قوم اپنی افواج کے شانہ بشانہ کھڑی ہے، حافظ وقاص قاسمی

سرگودھا (این این آئی) قومی امن کمیٹی پاکستان برائے بین المذاہب ہم آہنگی ضلع سرگودھا نے کہا کہ قیام امن کے لئے پوری قوم اپنی افواج کے شانہ بشانہ (بقیہ نمبر 45)

معرکہ حق قومی وقار کی یاد تازہ کرنیکا دن ہے، فیصل ممتاز

حق اور سچائی کی قوت ہمیشہ غالب رہتی ہے، شہدا اور غازی قوم کا فخر، انکی قربانیاں ہمیشہ یاد رکھی جائیں گی، وزیر اعظم

آنے والی نسلیں ان قربانیوں سے رہنمائی حاصل کرینگی، دعا کی کہ اللہ تعالیٰ وطن عزیز کو امن، استحکام اور ترقی عطا فرمائے

مظفر آباد (اے ایف پی) وزیر اعظم آزاد حکومت ریاست جموں و کشمیر فیصل ممتاز راٹھور نے کہا ہے کہ 10 مئی معرکہ حق کے عزم، حوصلے اور قومی وقار کی یاد تازہ کرنے کا دن ہے، اور جب قوم وطن کے دفاع کیلئے متحد ہو تو کوئی طاقت اسے شکست نہیں دے سکتی۔ اپنے بیان میں انہوں نے فیلڈ مارشل (بقیہ نمبر 47)

ایل پی جی، پیٹرولیم قیمتوں میں اضافے پر تشویش

اگر واقعی سپلائی متاثر ہے تو پھر اس معمول کی ترسیل کی کیا وجوہات ہیں، عوامی حلقے

کندھکوٹ (سید رشید احمد شاہ) حکومت پاکستان کی جانب سے ایل پی جی، پیٹرول اور ڈیزل کی قیمتوں میں حالیہ اضافے کو آہنائے ہرمز سے سپلائی متاثر ہونے کا نتیجہ قرار دیا جا رہا ہے، تاہم ضلع کشمور بالخصوص کندھکوٹ میں اس مقف پر سوالات اٹھنے لگے (بقیہ نمبر 46)

ڈی آئی جی آپریشنز فیصل کامران گرجا گھروں کی سیکیورٹی پر معمور اہلکار کی حوصلہ افزائی کرتے ہوئے

معرکہ حق پاکستان کی تاریخ کا عظیم اور فیصلہ کن باب ہے، میاں اسلم

لاہور (این این آئی) مسلم لیگ (ن) علماء و مشائخ ونگ لاہور ڈویژن کے سیکرٹری جنرل، رکن جنرل کونسل مولانا میاں محمد اسلم ندیم نے کہا ہے کہ معرکہ حق پاکستان کی تاریخ کا عظیم اور فیصلہ کن باب ہے، دس مئی (بقیہ نمبر 48)

پاکستان کی رواں ماہ 2 اسپاٹ ایل این جی کارگوز کی خریداری کیلئے عالمی سپلائرز سے بولیاں طلب

اسلام آباد (اے ایف پی) پاکستان ایل این جی لمیٹڈ (پی ایل ایل) نے ملک میں گیس کی ضروریات پوری کرنے کیلئے رواں ماہ 2 اسپاٹ ایل این جی کارگوز کی خریداری (بقیہ نمبر 49)

دو مختلف واقعات، دو نوجوان جاں بحق، دو افراد شدید زخمی

قصبہ بھرانڑ کا رہائشی نوجوان محمد شازل دریائے سندھ میں مبینہ طور پر ڈوب گیا

میانوالی (این این آئی) دو مختلف واقعات میں دو نوجوان جاں بحق جبکہ دو افراد شدید زخمی ہو گئے تفصیلات کے مطابق میانوالی کے علاقہ موچھ کے قصبہ بھرانڑ کا رہائشی نوجوان محمد شازل دریائے سندھ میں مبینہ طور پر ڈوب گیا واقعہ کی اطلاع ملتے ہی ریسکیو 1122 ٹیم فوری طور پر موقع پر پہنچ گئی نوجوان محمد شازل ولد ذکا اللہ (محمد شریف والی) کے پاس (بقیہ نمبر 51)

یونیورسٹی آف گوادر AI لیب قیام کی منظوری، تربیتی پروگرام کا آغاز

گوادر (این این آئی) یونیورسٹی آف گوادر کے شعبہ کمپیوٹر سائنس نیا پنے بورڈ آف اسٹڈیز (BoS) کے چھٹے اجلاس میں ایک خصوصی مصنوعی ذہانت (AI) تحقیق و ترقی لیبارٹری کے قیام کی منظوری دیدی اور 10 ماہ پر مشتمل اے آئی تربیتی پروگرام کا آغاز (بقیہ نمبر 50)

اوورسیز کو قومی، صوبائی اسمبلی، سینٹ میں نمائندگی دی جائے

اوورسیز اربوں ڈالر کا زرمبادلہ وطن بھیج کر قومی معیشت کو سہارا دے رہے ہیں

لاہور (این این آئی) چیئرمین پبلک ایکشن فورم آصف سلیم مٹھا نے کہا ہے کہ اوورسیز پاکستانیز ملکی معیشت کے استحکام میں اہم کردار ادا کر رہے ہیں تاہم انہیں وہ سہولیات حاصل نہیں جس کے وہ حقدار ہیں، اوورسیز پاکستانیوں کی جانب سے ترسیلات زر میں مسلسل اضافہ ملکی اقتصادی ترقی کے لیے حوصلہ افزاء ہے، حکومت اوورسیز کو سینیٹ، قومی اور (بقیہ نمبر 52)